100
شرعی مسائل کا مجموعہ

(حصہ اول)

مصنف

ابو بنتین محمد فراز عطاری مدنی مدظلہ العالی

نظر ثانی

ابو احمد مفتی انس رضا قادری مدنی

فہرست

عقائد و معمولات

طہارت

نماز

جماعت

لقمہ

مسافر کی نماز

وتر

کفن

نماز جنازہ

مسجد و وقف

روزہ

وراثت

نکاح و طلاق

عدت

کاروبار

تعریفات

حلال و حرام

94) کیا گانا گانا حرام ہے؟
95) مچھلی کب نہیں کھا سکتے؟

جدید مسائل

96) موبائل پر بے وضو قرآن پڑھنا
97) خریداری پوائنٹس
98) ڈراپ شپنگ(Drop Shipping) کا کام کرنا
99) ڈیبٹ کارڈ پر ڈسکاؤنٹ
100) غلطی سے کسی نمبر پر بیلنس بھیج دیا

الرضا قرآن و فقہ اکیڈمی (مفتی انس صاحب)
کے لئے لکھے گئے 100 شرعی مسائل

عقائد
و
معمولات

1

اللہ کو مصنف کہنا کیسا؟

سوال: کیا اللہ پاک کو مصنف اور قرآن کو تصنیف کہہ سکتے ہیں؟

User ID: علی رضا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اللہ پاک کے لئے صرف انہی ناموں کا استعمال کر سکتے ہیں جو قرآن وحدیث میں آئے ہیں، اس کے علاوہ کوئی نام استعمال نہیں کر سکتے اور اگر اس کے معنی میں شان الہی میں کمی کا وہم بھی ہو تو ممانعت اور بڑھ جاتی ہے لہذا اللہ پاک کو مصنف نہیں کہہ سکتے کہ ایک تو یہ نام قرآن یا حدیث میں وارد نہیں ہوا دوسرا ہمارے عرف میں مصنف قلم سے لکھ کر یا کمپوزنگ کر کے کتاب تصنیف کرتا ہے اور یہ چیز اللہ پاک کی شان کے لائق نہیں، اسی طرح قرآن کو تصنیف بھی نہیں سکتے۔ شامی میں ہے: مجرد ایھام المعنی المحال کاف فی المنع معنی محال کا وہم منع کے لئے کافی ہے۔ (شامی، 5/253)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

30 رجب 1443ھ/4 مارچ 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

2 قبلہ کی طرف پاؤں پھیلانا

سوال: قبلہ کی طرف پاؤں پھیلا کر سونا کیسا؟

لون اعجاز: User ID

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق والصواب

قبلہ کی طرف پاؤں پھیلا کر سونا منع ہے کیونکہ اس میں قبلہ کی بے ادبی ہے۔ فتاوی رضویہ میں ہے: کعبہ معظمہ کی طرف پاؤں کر کے سونا بلکہ اس طرف پاؤں پھیلانا سونے میں ہو خواہ جاگنے میں لیٹے ہو خواہ بیٹھے میں ہر طرح ممنوع و بے ادبی ہے۔ (فتاوی رضویہ، جلد 23، صفحہ 385، رضا فاؤنڈیشن لاہور)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

21 رجب المرجب 1443ھ/22 فروری 2022

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

بسمِ اللہ الرَّحمنِ الرَّحِیم

الصلوۃ والسلام علیك یا رسول اللہ
وعلی آلك واصحبك یا حبیب اللہ

Youtube: Al Raza Quran o Fiqh Academy
Website: www.arqfacademy.com

Facebook Page: Al Raza Quran o Fiqh Academy
Facebook Group: Fiqhi Group فقہی گروپ

فون نمبر: 00923471992267

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

3 ڈاکٹر کے ہاتھ میں شفا

سوال: کسی ڈاکٹر کے بارے میں کہنا کہ اس کے ہاتھ میں شفا ہے شرعا کیسا ہے؟

User ID:الیاس

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

ڈاکٹر کے ہاتھ میں شفا ہے کہنا جائز ہے کیونکہ یہ مجازی نسبت ہے اس کا مطلب یہ ہے کہ جب یہ علاج کرتا ہے تو اللہ کی عطا سے مریض ٹھیک ہو جاتا ہے، کوئی مسلمان کسی ڈاکٹر کے لئے بغیر اللہ کی عطا کے شافی ہونے کا اعتقاد نہیں رکھتا۔ قرآن پاک میں عیسی علیہ السلام کا قول مذکور ہے: **وَ اُبْرِئُ الْاَكْمَهَ وَ الْاَبْرَصَ** ﴿ال عمران:49﴾ ترجمہ: اور میں پیدائشی اندھوں کو اور کوڑھ کے مریضوں کو شفا دیتا ہوں۔ اس کی تفسیر میں ہے: شِفا دینے، مشکلات دور کرنے وغیرہ کے الفاظ اللہ تعالٰی کے علاوہ کسی اور کیلئے استعمال کرنا شرک نہیں۔ (صراط الجنان، 1/482)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابو بنتین فراز عطاری مدنی

5 ذو القعدہ 1443ھ 5 جون 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الصلوۃ والسلام علیک یا رسول اللہ
وعلی آلک واصحبک یا حبیب اللہ
Website: www.arqfacademy.com
Youtube: Al Raza Quran o Fiqh Academy
Facebook Group: Fiqhi Group فقہی گروپ
Facebook Page: Al Raza Quran o Fiqh Academy
فون نمبر: 00923471992267

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

4

وجد کی شرعی حیثیت

سوال: وجد میں دھمال کرنا اور تواجد کی شرعی حیثیت کیا ہے؟

User ID: عبداللہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

حالت وجد میں دھمال (اوچھل کود) جائز بلکہ احادیث سے ثابت ہے اور اگر یہ کیفیت نہ ہو تو رقص کرنا حرام ہے۔ علامہ خیر الدین رملی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت جعفر طیار رضی اللہ عنہ سے فرمایا کہ "تم سیرت وصورت میں میرے مشابہ ہو" تو ایک روایت کے مطابق آپ وجد میں دھمال کرنے لگے اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے انکار نہ فرمایا اور اس حدیث کو صوفیاء کرام کے رقص پر دلیل بنایا گیا ہے جب وہ محفل ذکر میں لذت وجد سے دوچار ہوتے ہیں۔ (فتاوی خیریہ حصہ 2 ص 184)

اسی طرح تواجد کا معاملہ ہے۔ تواجد یہ ہے کہ وجد حقیقی تو نہ ہو مگر اہل حال کی پیروی کی نیت سے انہی جیسی حرکات کرنا اگر یہ ریاکاری سے پاک ہو تو محمود ہے۔ امام غزالی لکھتے ہیں: دوسری محمود جس کے ذریعے احوال شریفہ کے حصول واکتساب کی کوشش کی جائے کیونکہ احوال شریفہ کے حصول میں کسب کا دخل ہے اسی وجہ سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم فرمایا ہے اس شخص کیلئے رونے جیسی صورت بنانے کا جسے قرات قرآن میں رونا نہ آئے۔ چنانچہ ان احوال کے شروع میں تکلف کیا جائے تو اس کے اواخر متحقق ہوتے ہیں۔ (احیاء العلوم)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

6 شعبان 1443ھ/10 مارچ 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

5

عرفہ کی شرعی حیثیت

سوال: میت کو انتقال ہوئے ابھی چالیس دن نہیں گزرے تو کیا عرفہ کرنا چاہیے یا نہیں ؟

User ID: آفتاب عالم

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

عرفہ کوئی شرعی اصطلاح نہیں نہ ہی یہ کرنا ضروری ہے، ہمارے ہاں جو عرفہ کا رواج چل پڑا ہے اس میں غلط نظریات اور طریقے عام ہوگئے ہیں مثلا میت کے انتقال کے بعد پہلے سال شعبان میں عرفہ ضروری ہے یا عرفہ میں فلاں فلاں کھانے بنانے ضروری ہیں وغیرہ ان کی کوئی شرعی حیثیت نہیں۔ اسلام نے ایصال ثواب کی ترغیب دی ہے یہ کسی بھی وقت کیا جاسکتا ہے اور کسی بھی نیک کام کے ذریعے کیا جاسکتا ہے۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

8 شعبان 1443ھ/12 مارچ 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

طہارت

6

بے وضو صلاۃ وسلام پڑھنا

سوال: کیا بے وضو صلاۃ وسلام پڑھ سکتے ہیں؟

User ID: عبد اللہ ملک

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

بے وضو صلاۃ وسلام پڑھنا جائز ہے مگر بہتر یہی ہے کہ باوضو پڑھا جائے۔ بہار شریعت میں ہے: درود شریف اور دعاؤں کے پڑھنے میں انھیں حرج نہیں مگر بہتر یہ ہے کہ وضو یا کلی کر کے پڑھیں۔ (بہار شریعت، جلد 1، حصہ 2، صفحہ 327، مکتبۃ المدینہ)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

7 شعبان 1443ھ / 11 مارچ 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

7

سوال: وضو، غسل، نماز، نمازِ جنازہ اور تیمم کے فرائض بیان کر دیں؟

User ID: اعزاز

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

(1) وضو کے چار فرائض ہیں: چہرہ دھونا، دونوں ہاتھ کہنیوں سمیت دھونا، چوتھائی سر کا مسح کرنا، دونوں پاؤں ٹخنوں سمیت دھونا۔

(2) غسل کے تین فرائض ہیں: کلی کرنا، ناک میں پانی چڑھانا، پورے ظاہری جسم پر اس طرح پانی بہانا کہ کوئی حصہ خشک نہ رہے۔

(3) نماز کے سات فرائض ہیں: تکبیر تحریمہ، قیام، قراءت، رکوع، سجود، قعدہ اخیرہ، خروج بصنعہ

(4) نماز جنازہ کے دو رکن ہیں: چار بار تکبیر کہنا، قیام۔

(5) تیمم کے تین فرائض ہیں: نیت کرنا، سارے منہ پر ہاتھ پھیرنا، ہاتھوں کا کہنیوں سمیت مسح کرنا۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

16 رجب 1443ھ/18 فروری 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

8

ناپاک کارپیٹ

سوال: کارپیٹ پر بچے نے پیشاب کر دیا ہو اور سوکھنے کے بعد اس پر کپڑا پھیر دیں تو کیا کارپیٹ پاک ہو جائے گا؟

User ID: عائشہ رابعہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

کارپیٹ پر اگر ناپاکی لگ جائے تو کپڑے سے صاف کرنے سے وہ پاک نہیں ہو گا بلکہ اس کو باقاعدہ پاک کرنا پڑے گا۔پاک کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ کارپیٹ کو بہتے پانی مثلا نل یا پائپ کے جاری پانی وغیرہ میں رکھ دیں جب گمان غالب ہو جائے کہ پانی ناپاکی کو بہا کر لے گیا ہو گا تو کارپیٹ پاک ہو جائے گا۔ اگر بغیر پاک کیے کارپیٹ کے دوسرے پاک حصے پر نماز پڑھی یا سوکھنے کے بعد اسی حصے پر کپڑا یا مصلی بچھا کر نماز پڑھی تو ہو جائے گی۔ (ملخصا: بہار شریعت)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــہ

ابو بنتین فراز عطاری مدنی

3 شعبان 1443ھ/7 مارچ 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

نماز

9

رات میں مکروہ وقت

سوال: کیارات میں بھی کوئی مکروہ وقت ہوتا ہے جس میں سجدہ کرنا منع ہو؟

User ID: نواز قریشی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

مکروہ اوقات تین ہی ہیں۔(1)سورج طلوع ہونے سے لے کر تقریبا بیس منٹ بعد تک (2)سورج غروب ہونے کے وقت سے تقریبا 20 منٹ پہلے کا وقت (3) نصف النہار شرعی سے لے کر سورج ڈھلنے تک

اس کے علاوہ پورے دن میں کوئی وقت مکروہ نہیں، عوام میں جو مشہور ہے کہ رات کو بارہ بجے مکروہ وقت ہوتا ہے یہ بالکل غلط ہے اس کی کوئی شرعی حیثیت نہیں، اس وقت میں نماز پڑھنا اور سجدہ کرنا بالکل جائز ہے۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

9 شعبان 1443ھ/13 مارچ 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

بسمِ اللہ الرَّحمٰنِ الرَّحِیم

الصلوۃ والسلام علیک یا رسول اللہ وعلی آلک واصحبک یا حبیب اللہ

10

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

سوال: نمازی کے آگے تصویر ہو تو نماز کا کیا حکم ہے؟

UserID: مہر علی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

نمازی کے سامنے تصویر ہو تو نماز اس وقت مکروہ تحریمی ہو گی جب مندرجہ ذیل پانچ شرائط پائی جائیں، اگر ان میں سے ایک بھی کم ہو تو نماز مکروہ تحریمی نہیں بلکہ بعض صورتوں میں تنزیہی اور بعض صورتوں میں کوئی کراہت نہیں ہو گی (1) تصویر مکمل قد کی ہو (2) نقوش واضح ہوں (3) تصویر چھپی ہوئی نہ ہو (4) نمازی کے سامنے ہو (5) بطور تعظیم آویزاں ہو یا رکھی ہو۔ (ماخوذ از جد الممتار، فتاوی رضویہ)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابو بنتین فراز عطاری مدنی

12 فروری 2022 بمطابق 10 رجب 1443

فقہی مسائل گروپ

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

11

نماز میں پھونک مارنا

سوال: نماز میں پھونک مارنا کیسا؟

User ID: فرحان صفدر

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

بہار شریعت میں ہے: پھونکنے میں اگر آواز پیدا نہ ہو تو وہ مثل سانس کے ہے مفسد نہیں، مگر قصداً کرنا مکروہ ہے اور اگر دو حروف پیدا ہوں جیسے اف، تف تو مفسد ہے۔(بہار شریعت، جلد1، حصہ 3، صفحہ 608، مکتبہ المدینہ)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو بنتین فراز عطاری مدنی

22 رجب المرجب 1443ھ/23 فروری 2022

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

بسمِ اللہ الرَّحمنِ الرَّحِیم

الصلوۃ والسلام علیك یا رسول اللہ — وعلی آلك واصحبك یا حبیب اللہ

12

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

سوال: کسی آدمی کے سامنے نماز پڑھنا کیسا؟

UserID: محمد عارف

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

بہار شریعت میں ہے: کسی شخص کے مونھ کے سامنے نماز پڑھنا مکروہ تحریمی ہے۔یوہیں دوسرے شخص کو مصلی (نماز پڑھنے والے) کی طرف مونھ کرنا بھی ناجائز و گناہ ہے، یعنی اگر مصلی کی جانب سے ہو تو کراہت مصلی پر ورنہ اس پر۔(بہار شریعت، جلد 1، حصہ 3، صفحہ 626، مکتبۃ المدینہ)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

8 فروری 2022 بمطابق 6 رجب 1443

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

13

تخت پر نماز پڑھنا

سوال: تخت پر نماز پڑھنا کیسا ؟

User IDبلال رضا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

ہر اس چیز پر نماز پڑھنا جائز ہے جو پاک ہو اور اس پر پیشانی جم جاتی ہو لہذا تخت پر نماز پڑھنا جائز ہے۔ بہار شریعت میں ہے: اگر پیشانی خوب نہ دبی تو نماز ہی نہ ہوئی اور ناک ہڈی تک نہ دبی تو مکروہ تحریمی واجب الاعادہ ہوئی۔

(بہار شریعت، جلد 1، حصہ 3، صفحہ 514)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

8 شعبان 1443ھ/12 مارچ 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

14

تکبیر تحریمہ میں یااللہ کہا تو نماز کا حکم

سوال: اگر کسی نے نماز شروع کرنے سے پہلے اللہ اکبر کی جگہ یااللہ کہا تو نماز کا کیا حکم ہے؟

User ID: شعیب رضا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

نماز میں تکبیر تحریمہ فرض ہے یعنی ایسے الفاظ جو خالص تعظیم الٰہی کے ہوں اس سے نماز شروع کی تو نماز شروع ہو جائے گی لیکن اس تکبیر تحریمہ میں لفظ اللہ اکبر کہنا واجب ہے، لہذا کسی نے اللہ اکبر کی جگہ تعظیم الٰہی کا کوئی اور کلمہ کہا تو نماز شروع تو ہو جائے گی مگر یہ تبدیلی ناجائز ہے، اگر جان کر ایسا کیا تو گناہ گار ہوگا اور نماز واجب الاعادہ ہوگی اور اگر بھول کر کیا تو آخر میں سجدہ سہو سے نماز درست ہو جائے گی۔ یااللہ یہ بھی تعظیم الٰہی کا لفظ ہے، اس سے نماز شروع ہو جائے گی مگر اوپر بیان کی گئی تفصیل کے مطابق سجدہ سہو یا دوبارہ پڑھنے کا حکم ہوگا۔ (ملخصا: عالمگیری، 1/68، بہار شریعت ح3)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــہ

ابو بنتین فراز عطاری مدنی

10 ذو القعدہ 1443 10 جون 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتویٰ کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

15

اللہ اکبر کو اللہ اکبار کہنا کیسا

سوال: نماز میں اللہ اکبر کو اللہ اکبار کہنا کیسا؟ اگر امام کہے تو مقتدی کی نماز کا کیا ہوگا؟

User ID: عبداللہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

قراءت یا اذکارِ نماز میں ایسی غلطی کرنا جس سے معنی بگڑ جائیں نماز کو فاسد کر دیتی ہے لہذا اللہ اکبر کو اللہ اکبار یا آللہ اکبر یا اللہ آکبر پڑھنا حرام ہے اور اگر ان کا معنی فاسدہ سمجھ کر کہا تو اسلام سے خارج ہو جائے گا۔ اگر یہ غلطی تکبیر تحریمہ میں ہوئی تو نماز شروع ہی نہیں ہوگی اور تکبیرات انتقالات میں ہوئی تو نماز ٹوٹ جائے گی۔ یہ احکام امام و مقتدی دونوں کے لئے ہیں۔ نماز کے علاوہ بھی اس انداز میں تکبیر پڑھنا جائز نہیں۔ (ملخصا: بہار شریعت، جلد 1، صفحہ 509)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم

کتبـــہ

ابو بنتین فراز عطاری مدنی

7 ذو القعدہ 1443 7 جون 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

بسمِ اللہ الرَّحمٰنِ الرَّحِیم

الصلوۃ والسلام علیک یا رسول اللہ

وعلی آلک واصحبک یا حبیب اللہ

16

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

سوال: نماز میں سورت پڑھنے سے پہلے بسم اللہ پڑھنی چاہیے؟

UserID: امجد حسین

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اگر سورت کے شروع سے پڑھ رہے ہیں تو بسم اللہ پڑھنا مستحب ہے اور اگر شروع سے نہیں پڑھ رہے تو پھر بسم اللہ پڑھنا مستحب نہیں۔ (ماخوذ از فتاوی رضویہ، جلد 6)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوبنتین فرازعطاری مدنی

12 فروری 2022 بمطابق 10 رجب 1443

فقہی مسائل گروپ

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

بسمِ اللہ الرَّحمنِ الرَّحِیم

الصلوۃ والسلام علیک یا رسول اللہ　　　وعلی آلك واصحبك یا حبیب اللہ

17

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

سوال: نماز میں مطلقاً ایک آیت پڑھنا فرض ہے یا سورہ فاتحہ کے علاوہ؟

UserID:

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

فرض کی تیسری اور چوتھی رکعت کے علاوہ ہر نماز کی ہر رکعت میں کم از کم ایک ایسی آیت پڑھنا فرض ہے جو دو کلمات چھ حروف پر مشتمل ہو۔ یہ ایک آیت پڑھنا مطلقا ہے۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــہ

ابوبنتین فرازعطاری مدنی

8 فروری 2022 بمطابق 6 رجب 1443

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

18

نماز میں خلاف ترتیب قرآن پڑھنا

سوال: نماز میں خلاف ترتیب قرآن پڑھا تو نماز ہو جائے گی؟

User ID: میاں سنی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

نماز میں جان بوجھ کر خلاف ترتیب قرآن پڑھنا ناجائز ہے لیکن خلاف ترتیب چاہے بھول کر پڑھے یا جان بوجھ کر نماز بہر حال ہو جائے گی اور سجدہ سہو بھی واجب نہیں ہو گا کیونکہ ترتیب سے پڑھنا قراءت کا واجب ہے نہ کہ نماز کا۔ (فتاوی امجدیہ، جلد 1، صفحہ 278، مکتبہ رضویہ)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

2ذوالقعدہ 1443ھ/2جون 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الصلوۃ والسلام علیک یا رسول اللہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وعلی آلک واصحبک یا حبیب اللہ

Youtube: Al Raza Quran o Fiqh Academy

Website: www.arqfacademy.com

Facebook Page: Al Raza Quran o Fiqh Academy

Facebook Group: Fiqhi Group فقہی گروپ

فون نمبر: 00923471992267

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

19

درمیان سے ایک چھوٹی سورت چھوڑنا

سوال: امام نے فرض کی پہلی رکعت میں سورہ لہب پڑھی اور دوسری میں جان کر سورہ فلق پڑھی تو کیا حکم ہے؟

User ID: اشتیاق احمد

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

پہلی رکعت میں کوئی سورت پڑھنے کے بعد دوسری میں ایک چھوٹی سورت درمیان سے چھوڑ کر پڑھنا مکروہ تنزیہی ہے لیکن نماز ہو جائے گی۔ معلوم کی گئی صورت میں درمیان سے سورہ اخلاص جو کہ چھوٹی سورت ہے اس کو چھوڑا تو ایسا کرنا مکروہ ہے مگر نماز ہوگئی۔ درمختار میں ہے: ویکرہ الفصل بسورۃ قصیرۃ ترجمہ: درمیان سے ایک چھوٹی سورت کو چھوڑ دینا مکروہ ہے۔

(درمختار، جلد 2، کتاب الصلاۃ، فصل فی القراءۃ، صفحہ 330، دارالمعرفہ)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

9 ذوالقعدہ 1443ھ 9 جون 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

20

قعدہ اولی بھول کر کھڑا ہو گیا

سوال: اگر کوئی قعدہ اولی بھول کر کھڑا ہونے لگا تو واپس آنے کی حد کیا ہے اور کس صورت میں سجدہ سہو ہو گا؟

User ID: محمد بلال

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق والصواب

اگر کوئی شخص قعدہ اولی (تین یا چار رکعت والی نماز میں پہلی بار التحیات کے لئے بیٹھنا) بھول گیا تو اگر بیٹھنے کے قریب ہے یعنی جسم کا نیچے کا آدھا حصہ سیدھا نہیں ہوا تو بیٹھ جائے اور التحیات پڑھے اور نماز مکمل کرلے اس پر سجدہ سہو واجب نہیں، اگر کھڑے ہونے کے قریب ہے یعنی بدن کا نیچے کا آدھا حصہ سیدھا ہو گیا اور پیٹھ میں خم (جھکاؤ) ہے تو صحیح قول کے مطابق واپس لوٹے، التحیات پڑھے اور آخر میں سجدہ سہو کرے اور اگر سیدھا کھڑا ہو گیا تو اب واپس لوٹنا جائز نہیں آخر میں سجدہ سہو کرلے نماز درست ہو جائے گی۔ (ملخصا: فتاوی رضویہ، جلد 8، صفحہ 181)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابو بنتین فراز عطاری مدنی

8ذو القعدہ 1443ھ 8جون 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

21

قعدہ اخیرہ میں جماعت میں شامل ہونا

سوال: ایک شخص نے جماعت میں شامل ہونے کے لئے تکبیر کہی اور امام نے سلام پھیر دیا تو کیا اسے جماعت ملی؟

User ID: محمد بلال

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایة الحق والصواب

اس شخص کو جماعت نہ ملی کیونکہ اقتدا کی شرائط میں سے یہ ہے کہ مقتدی ارکان کی ادائیگی میں امام کے ساتھ شریک ہو اور معلوم کی گئی صورت میں اس نے امام کے ساتھ اس رکن (قعدہ اخیرہ) میں شرکت نہ کی لہذا اس کو جماعت نہ ملی نہ اس کی اپنی نماز شروع ہوئی، اسے دوبارہ نماز پڑھنی ہوگی۔ اگر امام کے سلام پھیرنے سے پہلے وہ قعدہ میں شامل ہو جاتا تو جماعت مل جاتی۔ (ملخصا: مختصر فتاوی اہلسنت، صفحہ 50، بہار شریعت، حصہ 3، شرائطِ اقتدا)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

8ذو القعدہ 1443ھ 8جون 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

22

عصر میں جہری قراءت

سوال: اگر امام بھول کر عصر میں بلند آواز سے قراءت کرلے تو کیا حکم ہے؟

User ID: سہیل زمان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق والصواب

اگر امام بھول کر ظہر یا عصر کی نماز میں بلند قراءت کرلے تو آخر میں سجدہ سہو کرلینے سے نماز درست ہوجائے گی ہاں اگر آدھی سورۃ الفاتحہ پڑھنے سے پہلے یاد آجائے اور سورۃ الفاتحہ کا آہستہ آواز سے اعادہ کرلے تو سجدہ سہو ساقط ہوجائے گا اور نماز درست ہوجائے گی۔ (ملخصا بالترتیب: بہار شریعت / جد الممتار)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

3 شعبان 1443ھ / 7 مارچ 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

23

مغرب سے کتنی دیر پہلے عصر پڑھ سکتے ہیں

سوال: غروب آفتاب سے کتنے منٹ پہلے عصر پڑھ سکتے ہیں؟

User ID: خان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

جس پر مسجد کی جماعت واجب ہو اسے بلا عذر شرعی جماعت ترک کرنا جائز نہیں۔ کسی بھی وجہ سے اگر عصر کی نماز جماعت سے نہ پڑھ سکا تو لازم ہے مکروہ وقت سے پہلے پڑھ لے اگر بلا عذر شرعی مکروہ وقت میں پڑھی تو گناہ گار ہو گا۔ بہر حال اگر عصر کی نماز کی تکبیر وقت کے اندر کہہ لی تو اگرچہ سلام وقت کے بعد پھرے اس کی نماز ہو جائے گی کیونکہ فجر وجمعہ وعیدین کے علاوہ دیگر نمازوں میں تکبیر وقت میں ہونا ضروری ہے اگرچہ دوران نماز وقت ختم ہو جائے اس کی نماز درست ہو جائے گی۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابو بنتین فراز عطاری مدنی

11 شعبان 1443ھ/15 مارچ 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

جماعت

Youtube: Al Raza Quran o Fiqh Academy
Website: www.arqfacademy.com
Facebook Page: Al Raza Quran o Fiqh Academy
Facebook Group: Fiqhi Group فقہی گروپ
فون نمبر: 00923471992267

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

24

نوافل کی جماعت

سوال: نوافل کی جماعت کروانا کیسا؟

User ID: علی حسان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

نوافل کی جماعت اگر بغیر تداعی کے ہو تو بالاجماع جائز ہے اور اگر تداعی کے ساتھ ہو تو مکروہ تنزیہی ہے ناجائز اور گناہ نہیں۔ تداعی کا مطلب یہ ہے کہ اعلان وغیرہ کے ذریعے لوگوں کو جماعت کے لئے بلانا اور انہیں جمع کرنا، اگر امام کے علاوہ کم از کم چار مقتدی آ گئے تو یہ تداعی ہے ورنہ نہیں۔ ہمارے زمانے میں ویسے لوگ نوافل سے دور ہیں مگر جماعت کی وجہ سے کئی افراد پڑھ لیتے ہیں تو اگر وہ تہجد، اشراق، چاشت، صلاۃ التسبیح وغیرہ کی جماعت کرواتے ہیں تو انہیں منع نہ کیا جائے۔ تراویح، نماز کسوف و استسقاء کی جماعت بلا کراہت جائز ہے۔ (ملخصا: فتاوی رضویہ، جلد 7)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ ــ

ابو بنتین فراز عطاری مدنی

11 شعبان 1443ھ/15 مارچ 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

25

شوہر بیوی اور نفل کی جماعت

سوال: شوہر اور بیوی کا نفل نماز کی جماعت کا طریقہ کیا ہے اور قراءت آہستہ ہو گی یا بلند؟

User ID: عظمت علی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

دن کے نوافل ہوں تو قراءت آہستہ کرنا واجب ہے اور رات کے نوافل کی جماعت میں بلند قراءت ہو گی۔ اگر شوہر بیوی ہی ہیں تو بیوی پیچھے کھڑی ہو گی البتہ یہ یاد رہے کہ گھر میں بھی امام بننے کے لئے شوہر کا امامت کا اہل ہونا ضروری ہے نیز مسجد کی جماعت واجب ہو تو فرائض کی جماعت گھر پر نہیں کروا سکتا۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

24رجب 1443ھ/25فروری 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

بسمِ اللہ الرَّحمنِ الرَّحِیم

الصلوۃ والسلام علیک یا رسول اللہ

وعلی آلك واصحبك یا حبیب اللہ

26

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

سوال: مسجد سے کتنی دور جماعت واجب ہے؟

UserID: خالد خان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اگر مسجد گھر سے اتنی دور ہے کہ مسجد میں بغیر اسپیکر اذان دی جائے اور کسی قسم کا شور نہ ہو تو گھر تک اذان کی آواز آجائے تو جماعت اولی کے ساتھ نماز پڑھنا واجب ہے اور اگر گھر اتنا دور ہے کہ وہاں تک اس طرح اذان کی آواز نہیں پہنچتی تو مسجد جا کر جماعت سے پڑھنا واجب نہیں لیکن مسجد جا کر با جماعت پڑھنا افضل ہے۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

12 فروری 2022 بمطابق 10 رجب 1443

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

لقمہ

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

27

قعدہ اولی چھوڑ کر سیدھا کھڑا ہو گیا تو لقمہ دینا

سوال: عصر کی نماز میں دوسری رکعت پر امام صاحب بیٹھنا بھول گئے اور سیدھے کھڑے ہو گئے اب لقمہ دینا کیسا؟

User ID:عبداللہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اگر کوئی قعدہ اولی کرنا بھول جائے اور سیدھا کھڑا ہو جائے تو سجدہ سہو واجب ہو جاتا ہے اور اس کا واپس لوٹنا جائز نہیں ہوتا، اس صورت میں چونکہ لقمے کا محل باقی نہیں رہتا تو لقمہ دینا بھی جائز نہیں، لہذا اگر کسی نے لقمہ دیا تو اس کی نماز ٹوٹ جائے گی اور اگر امام نے اس کا لقمہ لیا تو امام و تمام مقتدیوں کی نماز بھی ٹوٹ جائے گی۔ فتاوی رضویہ میں ہے: اور اگر امام پورا کھڑا ہو گیا تھا اس کے بعد مقتدی نے بتایا تو مقتدی کی نماز اسی وقت جاتی رہی، اور جب اس کے کہنے سے امام لوٹا تو اس کی بھی گئی اور سب کی گئی۔ (فتاوی رضویہ، جلد 8، صفحہ 214)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

9 ذو القعدہ 1443ھ 9 جون 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

صف

28

صف مکمل ہونے کے بعد اکیلا نمازی

سوال: جماعت کے دوران دوسری صف میں اکیلا آدمی ہو تو اس کی نماز ہو جائے گی ؟

User ID: اصلاح الدین

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اگر صف دونوں کونوں سے مکمل ہو چکی ہے تو بہتر یہ ہے کہ کسی کے آنے کا انتظار کرے ، کوئی آجائے تو مل کر صف بنالیں، اگر رکوع تک کوئی نہ آئے اور رکعت فوت ہوجانے کا اندیشہ ہو تو اصل مسئلہ تو یہ ہے اگلی صف میں سے کسی کو کھینچ لے اور اس کے ساتھ کھڑا ہوجائے، یہاں یہ ضروری ہے کہ جس کو کھینچے وہ اس مسئلہ کو سمجھتا ہو اور اچھے اخلاق والا ہو لیکن ہمارے زمانہ میں عام لوگ شرعی مسائل کی معلومات نہیں رکھتے اس لئے بہتر یہ ہے کہ اکیلا ہی نماز شروع کردے اس کی نماز ہوجائے گی اور گناہ گار بھی نہیں ہوگا۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

8 شعبان 1443ھ/12 مارچ 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

جمعہ

29

نماز جمعہ کی شرائط

سوال: مسجد میں جمعہ کروانے کی کیا شرائط ہیں اور کم از کم کتنے نمازی ضروری ہیں؟

User ID: عامر حنیف

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

نماز جمعہ کے لئے مسجد ہونا شرط نہیں بلکہ جائے نماز یا میدان وغیرہ میں بھی جمعہ قائم ہو سکتا ہے البتہ نماز جمعہ کے لئے چند شرائط ضروری ہیں۔

(1) شہر یا فنائے شہر ہو
(2) سلطان اسلام یا اس کا نائب جمعہ قائم کرے
(3) ظہر کے وقت میں ہو
(4) خطبہ ہو
(5) امام کے علاوہ کم از کم تین مرد ہوں
(6) اذن عام ہو
(کتب فقہ)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابو بنتین فراز عطاری مدنی

7 شعبان 1443ھ / 11 مارچ 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

30

تین جمعے چھوڑنا

سوال: جس کے تین جمعے چھوٹ جائیں تو اس کے لیے کیا حکم ہے؟

User ID: محمد بلال

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

بلاعذر شرعی جان کر ایک مرتبہ بھی نماز جمعہ کا ترک حرام ہے اور تین جمعے چھوڑنا اور سخت گناہ ہے مگر اس سے بندہ اسلام سے خارج نہیں ہوتا جب تک جمعہ کی فرضیت کا انکار نہ کرے، احادیث میں ہے کہ جس نے مسلسل تین جمعے بلاوجہ چھوڑے اللہ اس کے دل پر مہر کردے گا۔ (ابوداؤد، ابن ماجہ)

مفتی احمد یار خان نعیمی رحمہ اللہ علیہ اس حدیث کے تحت فرماتے ہیں: مہر سے مراد غفلت کی مہر ہے۔۔ کیونکہ جمعہ کی فسق ہے۔ (مرآۃ المناجیح)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

3 شعبان 1443ھ / 7 مارچ 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

31

ظہر اور جمعہ کی سنت قبلیہ چھوٹ جائے تو؟

سوال: اگر ظہر یا جمعہ کی سنت قبلیہ رہ جائے تو کس ترتیب سے ادا کریں؟

User ID: احمد فیضی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

ظہر کی سنت قبلیہ رہ جائے تو بہتر یہ ہے کہ فرضوں کے بعد والی سنتیں ادا کرنے کے بعد ان چار کو ادا کیا جائے، اسی طرح جمعہ کی سنت قبلیہ رہ جائے تو پہلے فرضوں کے بعد والی چار سنت مؤکدہ پڑھے پھر پہلے والی چار سنتیں پڑھے، یہی طریقہ نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم سے بھی ثابت ہے۔ حدیث پاک میں ہے: کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا فاتتہ الاربع قبل الظہر صلاھا بعد الرکعتین بعد الظہر ترجمہ: نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی اگر ظہر کی سنت قبلیہ کبھی رہ جاتی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس کو دو سنتوں کے بعد ادا فرماتے۔ (ابن ماجہ، حدیث 1158، جلد 1، صفحہ 366)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ ـــــــــــــــــــــــ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

3 شعبان 1443ھ / 7 مارچ 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

امامت

32

عورت کی امامت

سوال: کیا عورت نماز تراویح میں قرآن سنا سکتی ہے اور نماز تسبیح پڑھا سکتی ہے؟

User ID: ردا علی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

عورت کی اقتدا میں مرد کی تو نماز ہی نہیں ہو گی اور عورت کا عورتوں کا امام بننا مکروہ تحریمی اور ناجائز ہے چاہے فرض نماز کی جماعت ہو یا نفل کی لہذا عورت نہ تراویح کی جماعت کرواسکتی ہے نہ اس میں قرآن سنا سکتی ہے اور نہ ہی صلاۃ التسبیح پڑھا سکتی ہے۔ شامی میں ہے: ویکرہ تحریما جماعۃ النساء ولو التراویح یعنی عورتوں کی جماعت مکروہ تحریمی ہے اگرچہ تراویح کی ہو۔ (شامی، جلد 1، صفحہ 565، دار الفکر)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــہ

ابو بنتین فراز عطاری مدنی

5 شعبان 1443ھ/9 مارچ 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتویٰ کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

بسمِ اللہ الرَّحمنِ الرَّحِیم

الصلوۃ والسلام علیک یارسول اللہ — وعلی آلک واصحبک یاحبیب اللہ

Youtube: Al Raza Quran o Fiqh Academy — Website: www.arqfacademy.com

Facebook Page: Al Raza Quran o Fiqh Academy — Facebook Group: Fiqhi Group فقہی گروپ

فون نمبر: 00923471992267

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

33

امام سے پہلے سر اٹھانا کیسا

سوال: اگر مقتدی سجدے میں بھول کر امام سے پہلے سر اٹھالے تو کیا حکم ہے؟

User ID: حیدر علی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اگر مقتدی امام سے پہلے سر اٹھالے تو واپس سجدہ میں لوٹنا واجب ہے، اگر نہ لوٹا تو گناہ گار ہو گا۔ بہار شریعت میں ہے: اگر مقتدی نے امام سے پہلے سر اٹھالیا تو مقتدی پر لوٹنا واجب ہے، نہ لوٹے گا تو کراہت تحریم کا مرتکب ہو گا، گناہ گار ہو گا۔ (بہار شریعت، جلد 1، حصہ 3، صفحہ 526، مکتبہ المدینہ)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

22 رجب المرجب 1443ھ/23 فروری 2022

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتویٰ کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

بسمِ اللہ الرَّحمٰنِ الرَّحِیم

الصلوۃ والسلام علیك یا رسول اللہ — وعلی آلك واصحبك یا حبیب اللہ

34

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

سوال: امام اگر محراب میں ہو تو نماز ہو جاتی ہے؟

UserID: سلیم

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

امام کا محراب میں تنہا کھڑا ہونا مکروہ تنزیہی ہے اور اگر وہ باہر کھڑا ہو اور سجدہ محراب میں کرے یا وہ محراب میں تنہا نہ ہو بلکہ اس کے ساتھ کچھ مقتدی محراب میں ہوں تو اس میں کوئی کراہت نہیں۔اسی طرح اگر مسجد مقتدیوں کے لئے تنگ ہو تو بھی محراب میں تنہا کھڑا ہونا مکروہ نہیں۔(ماخوذ از فتاوی رضویہ)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو بنتین فرازعطاری مدنی

12فروری2022بمطابق10رجب1443

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

35

امام رکوع میں ہو تو

سوال: امام اگر رکوع میں ہو تو مقتدی تکبیر تحریمہ کہہ کر ہاتھ باندھے گا یا نہیں؟

User ID: محمد انوار

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

امام رکوع میں ہو تو نماز کے لیے آنے والا شخص کھڑے کھڑے تکبیر تحریمہ کہے، پھر اگر اسے امام کی عادت پتا ہو کہ وہ اتنی دیر رکوع میں رہیں گے کہ میں ثنا پڑھ کر رکوع میں شامل ہو جاؤں گا تو ہاتھ باندھ کر ثنا پڑھے پھر دوسری تکبیر کہہ کر رکوع میں جائے اور اگر یہ گمان ہو کہ ثنا پڑھوں گا تو امام رکوع سے سر اٹھا لیں گے تو تکبیر تحریمہ کے بعد ہاتھ نہ باندھے بلکہ دوسری تکبیر کہتے ہوئے رکوع میں چلا جائے کیونکہ ہاتھ باندھنا اس قیام کی سنت ہے جس میں رک کر کچھ پڑھنا ہو اور اگر قیام میں ٹھہرنا اور پڑھنا نہیں اس میں سنت ہاتھ لٹکانا ہے۔ (ملخصا: فتاوی رضویہ، جلد 7، صفحہ 234،235)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

5 شعبان 1443ھ/9 مارچ 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

قضا نمازیں

بسمِ اللہ الرَّحمنِ الرَّحِیم

الصلوۃ والسلام علیک یا رسول اللہ　　وعلی آلک واصحبک یا حبیب اللہ

36

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

سوال: ظہر کی سنتیں پڑھنے کے بعد جماعت میں وقت ہو تو قضاء عمری پڑھ سکتے ہیں؟ فجر کی سنتوں کے بعد سجدہ تلاوت کر سکتے ہیں؟

UserID: سعید احمد خان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

(1) ظہر کی سنتیں پڑھنے کے بعد اگر جماعت میں وقت ہو تو قضاء عمری پڑھنا جائز ہے جبکہ کسی پر اظہار نہ کرے کہ گناہ کا اظہار بھی گناہ ہے۔

(2) فجر کی سنتوں کے بعد سجدہ تلاوت کرنا جائز ہے۔

(ماخوذ از فتاوی رضویہ)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابو بنتین فراز عطاری مدنی

12 فروری 2022 بمطابق 10 رجب 1443

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

بسمِ اللہ الرَّحمنِ الرَّحِیم

الصلوۃ والسلام علیك یارسول اللہ   وعلی آلك واصحبك یاحبیب اللہ

37

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

سوال: جس پر صرف ایک نماز قضا ہو اور وہ مسجد آئے تو جماعت تیار ہو تو وہ جماعت میں شامل ہو گا یا پہلے قضا پڑھے گا؟

UserID: محمد عارف

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق والصواب

جس کے ذمہ چھ (6) سے کم نمازیں قضا ہوں وہ صاحب ترتیب کہلاتا ہے اور صاحب ترتیب کے لئے حکم یہ ہے کہ وہ پہلے اپنی قضا نماز ادا کرے گا اور پھر وقتی نماز ادا کرے گا، اگر یاد ہوتے ہوئے بھی پہلے وقتی نماز پڑھی تو نہیں ہو گی ہاں اگر وقتی نماز قضا ہونے کا خوف ہو تو وقتی نماز پڑھ لے۔ صورت مسؤلہ میں وہ پہلے اپنی قضا ادا کرے گا پھر جماعت میں شامل ہو گا۔ (عامہ کتب فقہ)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــہ

ابو بنتین فراز عطاری مدنی

8 فروری 2022 بمطابق 6 رجب 1443

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

38

تراویح چھوڑ کر قضا

سوال: اگر کسی پر قضا نمازیں بہت زیادہ ہوں تو کیا وہ تراویح چھوڑ کر قضائے عمری پڑھ سکتا ہے؟

User ID: مقبول حسین چشتی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

تراویح پڑھنا سنت مؤکدہ ہے اور سنت مؤکدہ کو چھوڑنے کی عادت بنانا گناہ ہے لہذا تراویح کو چھوڑ نہیں سکتے البتہ نوافل اور سنت غیر مؤکدہ کی جگہ قضائے عمری پڑھ سکتے ہیں۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

3 شعبان 1443ھ/7 مارچ 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

مسافر کی نماز

الرضا قرآن و فقہ اکیڈمی آن لائن

39

گھر پہنچ کر قصر یا پوری

سوال: عشاء کی اذان سفر میں ہوئی اور پتا ہے گھر پہنچ جائیں گے تو قصر پڑھیں یا گھر پہنچ کر پوری پڑھیں؟

User ID: بلال ملک

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

قصر یا پوری نماز پڑھنے میں نماز کے آخری وقت کا اعتبار ہے لہذا نماز اگر شہر کی آبادی میں داخل ہونے سے پہلے پڑھی تو قصر پڑھیں گے اور اگر شہر کی آبادی میں داخل ہونے یا گھر پہنچنے پر پڑھی تو پوری پڑھیں گے بہر صورت اختیار ہے چاہے تو گھر پر پڑھے جبکہ قضا نہ ہونے کا یقین ہو یا سفر میں پڑھے۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــہ

ابو بنتین فراز عطاری مدنی

28 رجب 1443ھ / 2 مارچ 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

40

امام مسافر ہو تو کتنی پڑھائے؟

سوال: امام مسافر ہو تو وہ پوری نماز پڑھائے گا یا قصر؟

User ID: سردار مہتاب

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

امام مسافر ہو تو اس پر بھی دو رکعت ہی پڑھنا واجب ہے البتہ وہ اپنا مسافر ہونا پہلے مقتدیوں پر ظاہر کر دے تاکہ مقیم مقتدی دو رکعت کے بعد اپنی بقیہ نماز پڑھ لیں۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

30رجب 1443ھ/4 مارچ 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

41

مسافر بھول کر پوری نماز پڑھ لے

سوال: اگر مسافر بھول کر پوری نماز پڑھ لے تو اس کی نماز ہو جائے گی؟

User ID: بلال

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

شرعی مسافر پر قصر یعنی چار رکعت والی فرض نماز کو دو کر کے پڑھنا واجب ہے، اگر بھول کر کسی نے چار پڑھ لیں تو نماز میں یاد آنے کی صورت میں اس پر سجدہ سہو واجب ہے، اس صورت میں اگر دوسری پر قعدہ کیا تھا تو دو فرض ہو گئے اور بعد والے دو نفل۔ اور اگر یاد نہ آیا یا یاد آنے کے باوجود سجدہ سہو نہ کیا یا یہ مسئلہ پتا نہیں تھا یا جان کر چار رکعتیں پڑھیں تو نماز واجب الاعادہ ہو گی یعنی دو رکعت دوبارہ پڑھنا واجب ہو گا، جان کر سجدہ سہو چھوڑنے اور قصداً پوری پڑھنے پر گناہ گار بھی ہو گا۔ (ماخوذ از: رد المحتار، 2/734، البنایہ، 3/10، فتاوی رضویہ، 8/270)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

10ذوالقعدہ 1443 10جون 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

وتر

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

42

سوال: وتر کی تیسری رکعت میں تکبیر کہنا اور ہاتھ اٹھانا کیا ہے؟

User ID: مغل

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

وتر کی تیسری رکعت میں تکبیر قنوت کہنا واجب ہے اور کانوں تک ہاتھ اٹھانا سنت ہے۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

16 رجب 1443ھ/18 فروری 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

کفن

43

چھوٹی بچی کا کفن

سوال: چھوٹی بچی کو کتنا کفن دیا جائے؟

User ID فائق رضا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

بچہ اگر مردہ پیدا ہوا یا اکثر حصہ باہر ہونے سے پہلے مر گیا تو اسے مسنون کفن نہیں دیا جائے گا بلکہ ایک کپڑے میں لپیٹ کر دفن کر دیں گے اور اگر زندہ پیدا ہوا یعنی اکثر حصہ باہر ہونے کے وقت زندہ تھا تو اس کو کفن دیا جائے گا۔ کفن دینے کے حوالے سے تفصیل یہ ہے کہ اگر بچہ قریب البلوغ ہو یعنی لڑکا کم از کم 12 سال اور لڑکی 9 سال کی ہو تو انہیں پورا مرد و عورت والا کفن دیا جائے گا اور اگر اس سے کم ہوں تو لڑکے کو ایک اور لڑکی کو دو کپڑوں میں کفن دینا جائز ہے، لڑکے کو دو اور لڑکی کو تین کپڑے دینا اچھا ہے اور سب سے بہتر صورت یہ ہے کہ ان کو بھی مرد و عورت والا کفن دیا جائے۔ (ملخصا: فتاوی رضویہ، 100/9)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابو بنتین فراز عطاری مدنی

5 شعبان 1443ھ/9 مارچ 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

نماز جنازہ

44

نماز جنازہ میں تیسری تکبیر پر سلام

سوال: اگر نماز جنازہ میں کسی نے تیسری تکبیر پر سلام پھیر دیا پھر یاد آتے ہی چوتھی تکبیر کہہ کر سلام پھیرا تو کیا حکم ہے؟

User ID: ندیم

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اگر کسی نے بھول کر تیسری تکبیر پر سلام پھیر دیا پھر فوراً چوتھی تکبیر کہہ کر سلام پھیرا تو اس کی نماز جنازہ ہو جائے گی۔ ھندیہ میں ہے: **ولو سلم الامام بعد الثالثہ ناسیا کبر الرابعہ و یسلم** ترجمہ: اور اگر امام نے بھول کر تیسری کے بعد سلام پھیر دیا تو چوتھی تکبیر کہے اور سلام پھیر دے۔ (عالمگیری، جلد 1، صفحہ 181، دار الکتب)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابو بنتین فراز عطاری مدنی

29 رجب 1443ھ/3 مارچ 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

45

غائبانہ نماز جنازہ

سوال: غائبانہ نماز جنازہ پڑھنا درست ہے یا نہیں؟

User ID: محمد بلال

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

احناف کے نزدیک غائبانہ نماز جنازہ پڑھنا جائز نہیں کیونکہ نماز جنازہ کی ایک شرط یہ ہے کہ میت سامنے موجود بھی ہو اور چونکہ یہ شرط یہاں نہیں پائی جاتی لہذا نماز جنازہ بھی نہیں ہو سکتا۔ فتح القدیر میں ہے: و شرط صحتھا اسلام المیت و طھارتہ وضعہ امام المصلی فلھذا لا یجوز علی الغائب ترجمہ: نماز جنازہ کے صحیح ہونے کی شرط یہ ہے کہ میت مسلمان ہو، طاہر ہو اور جنازہ نمازی کے آگے زمین پر رکھا ہو، اسی شرط کی وجہ سے غائب پر جنازہ جائز نہیں۔

(فتح القدیر، جلد 2، فصل فی الصلاۃ علی المصلی، سفحہ 120، دار الکتب العلمیہ)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ ـــــــــــــــــــــــــــــــ

ابو بنتین فراز عطاری مدنی

11 شعبان 1443ھ/15 مارچ 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

46 نماز جنازہ میں چوتھی تکبیر کے بعد

سوال: نماز جنازہ میں سلام پھیرنے سے پہلے ہاتھ چھوڑنے چاہیے یا بعد میں؟

User ID: محمد تنویر

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

نماز جنازہ میں چوتھی تکبیر کے بعد ہاتھ چھوڑ دینے چاہیے کیونکہ نماز میں قیام کی حالت میں ہاتھ باندھنا اس وقت سنت ہے جب قیام میں مسنون ذکر ہو اور اگر وہاں مسنون ذکر نہیں تو ہاتھ نہیں باندھے جائیں گے، نماز جنازہ میں چوتھی تکبیر کے بعد کوئی مسنون ذکر نہیں لہذا ہاتھ باندھنا بھی سنت نہیں بلکہ ہاتھ لٹکانا سنت ہے۔

(مجمع الانھر، جلد1، صفحہ141)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

7ذو القعدہ 1443ھ 7جون 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

مسجد و وقف

47

پرانی چٹائیوں کا کیا کیا جائے

سوال: مسجد کی قالین پرانی ہوگئی ہے اب نئی لانا چاہتے ہیں تو پرانی کا کیا جائے؟ کسی دوسری مسجد میں دے سکتے ہیں؟

User ID: غلام یسین

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

مسجد کے جو قالین قابل استعمال ہیں نہ ان کو بیچ سکتے ہیں نہ دوسری مسجد میں دے سکتے ہیں اور جو قابل استعمال نہیں ان کے حوالے سے دو صورتیں ہیں، اگر تو کسی نے ذاتی مال سے یہ چیزیں دی تھیں تو اس کو واپس کر دیں وہ جو چاہے کرے، وہ نہ رہا ہو تو اس کے ورثا کو دے دیں اگر ورثا بھی نہ ہوں یا معلوم نہ ہوں تو شرعی فقیر کو صدقہ کر دیں یا مسجد میں دے دیں، مالک یا فوت ہونے کی صورت میں تمام ورثا بالغ و موجود ہوں تو ان کی اجازت سے ان کو بیچ کر دوسرے قالین خرید سکتے ہیں یا دوسری مسجد میں دے سکتے ہیں۔ اور اگر یہ قالین مسجد کے چندے سے لئے گئے تھے تو متولی ان کو بیچ کر دوسرے قالین لے سکتا ہے مگر دوسری مسجد میں نہیں دے سکتا۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ ــ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

11 شعبان 1443ھ/15 مارچ 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

48

مسجد میں مچھر جلیبی جلانا؟

سوال: مسجد میں مچھر جلیبی جلانا اور مچھر اسپرے کرنا کیسا؟

User ID: عبد الہادی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق والصواب

مچھر جلیبی عموما بدبودار ہوتی ہے اس کا مسجد میں جلانا جائز نہیں نہ ہی ایسی جگہ جلانا جائز ہے جہاں سے بدبو مسجد میں آئے البتہ اسپرے بدبودار نہ ہو تو کرنا جائز ہے اور اگر بدبودار ہو تو اس کی بھی ممانعت ہے کیونکہ مسجد کو ہر طرح کی بدبو سے بچانا ضروری ہے۔ فتاوی رضویہ میں ہے: مسجد کو بو سے بچانا واجب ہے، ولہذا مسجد میں مٹی کا تیل جلانا حرام، مسجد میں دیا سلائی سلگانا حرام، حتی کہ حدیث میں ارشاد ہوا: مسجد میں کچا گوشت لے جانا جائز نہیں۔ حالانکہ کچے گوشت کی بو بہت خفیف ہے۔ (فتاوی رضویہ، جلد 16، صفحہ 232)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

5 شعبان 1443ھ/9 مارچ 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

روزہ

49

خون نکلنے سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے؟

سوال: میرے ایک دوست کو بواسیر کی بیماری ہے وہ پوچھنا چاہتے ہیں کہ خون آنے سے روزہ ٹوٹ جائے گا؟

User ID: شعیب رضا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

بدن سے کسی چیز کے نکلنے سے روزہ نہیں ٹوٹتا لہذا کسی بیماری کے سبب بھی خون نکلے تو اس سے روزہ نہیں ٹوٹے گا۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

26 رجب المرجب 1443، 28 فروری 2022

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

50

روزے میں مرہم لگانا

سوال: جسم میں درد ہو تو روزے کی حالت میں بام یا آئیوڈیکس لگا سکتے ہیں؟

User ID: زوہان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق والصواب

روزے کی حالت میں بام یا دوسرے مرہم لگانے میں حرج نہیں اس سے روزہ نہیں ٹوٹے گا کیونکہ جو چیز مسام (pore) کے ذریعے جسم میں جائے اس سے روزہ نہیں ٹوٹتا اگرچہ جسم میں حرارت یا ٹھنڈک محسوس ہو۔ شرح نقایہ میں ہے: لو وصل الی جوفه من المسام لا یفطر ترجمہ: دوا یا غذا اگر مسامات کے ذریعے پہنچے تو روزہ نہیں ٹوٹے گا۔

(شرح النقایہ للملا علی قاری، جلد1، کتاب الصوم، صفحہ571، دار ارقم)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــہ

ابو بنتین فراز عطاری مدنی

3 رمضان 1443ھ/5 اپریل 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

زکوٰۃ

51

قرض دی ہوئی رقم پر زکوۃ

سوال: احمد نے زید کو بیس لاکھ روپے دئے اب کیا احمد ان بیس لاکھ کی زکوۃ دے گا؟

User ID: آصف حسین

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

احمد پر ان بیس لاکھ کی زکوۃ فرض ہے مگر ادائیگی فوراواجب نہیں بلکہ جب نصاب کا کم از کم خمس (پانچواں حصہ) اسے وصول ہو تو اس وصول شدہ کی ادائیگی فوراواجب ہو جائے گی مگر بہتر یہ ہے کہ بیس لاکھ کی زکوۃ ہر سال نکالتا رہے تاکہ ایک ساتھ سارے سالوں کی زکوۃ دینے میں آزمائش نہ ہو۔

وضاحت: اس مئلہ کی آسان وضاحت یہ ہے کہ بیس لاکھ کی زکوۃ باقی اموال کی زکوۃ کے ساتھ دینا ضروری نہیں بلکہ ساڑھے باون تولہ چاندی کی جو قیمت مارکیٹ میں ہے اس کا پانچواں حصہ اس قرض میں سے جب وصول ہو تو اس کی زکوۃ فورا دے اسی طرح جب کم از کم اتنی ملتی رہے دیتا رہے۔ مثلا ساڑھے باون تولہ چاندی کی قیمت اگر مارکیٹ میں 75000 ہے تو اس کا پانچواں حصہ ہوا 15000 تو جب اتنا یا اس سے زیادہ وصول ہو تو فورا جتنے سالوں کی زکوۃ باقی ہے وہ دے

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ ـــہ

ابو بنتین فراز عطاری مدنی

5 شعبان 1443ھ/9 مارچ 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

52

لاکھ روپے پر زکوۃ

سوال: اگر کسی کے پاس لاکھ روپے ہوں اور سال بھی گزر گیا ہو تو اس پر زکوۃ ہو گی؟

User ID: زاہد سلیم

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اگر کسی کے پاس ساڑھے باون تولہ چاندی کی قیمت کے برابر کیش ہو اور سال بھی گزر جائے تو اس پر زکوۃ فرض ہوتی ہے جبکہ دیگر شرائط پائی جائیں اور ایک لاکھ روپے آج کل کے حساب سے ساڑھے باون تولہ چاندی کی قیمت سے زیادہ ہیں لہذا اس پر زکوۃ فرض ہو گی البتہ یہ یاد رہے کہ جو پہلے سے صاحب نصاب ہے اس کے لئے اس رقم پر الگ سے سال گزرنا ضروری نہیں بلکہ اس کا پہلے والا نصاب کا سال جب مکمل ہو گا تو اس ایک لاکھ کو بھی شامل نصاب کر کے اس کی زکوۃ اسی وقت دینی ہو گی۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

29 رجب 1443ھ/3 مارچ 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

53

ایک تولہ سونا اور کچھ پیسے پر زکوۃ

سوال: ایک عورت کے پاس ایک تولہ سونا ہے اور ساتھ چند ہزار روپے ہیں تو کیا زکوۃ لازم ہوگی؟

User ID: امتیاز الحق

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

سونے کا اپنا نصاب اگرچہ ساڑھے سات تولہ ہے یعنی اگر کسی کے پاس صرف سونا ہے اور اموال زکوۃ میں سے کچھ نہیں تو اگر سونا ساڑھے سات تولہ سے کم ہو تو اس پر زکوۃ لازم نہیں ہوتی لیکن اگر یہ نصاب پورا نہ ہو مگر اموال زکوۃ میں سے کچھ بھی ہو تو اب دونوں کو ملا کر ان کی قیمت کو دیکھا جائے گا اگر یہ ساڑھے باون تولے چاندی کی قیمت کے برابر ہو جاتے ہیں تو اس پر زکوۃ لازم ہوگی جبکہ زکوۃ کی دیگر شرائط پائی جائیں۔ صورت مسئولہ میں ایک تولہ سونے کے ساتھ ایک ہزار روپے بھی ملائے جائیں تو یہ ساڑھے باون تولے چاندی کی قیمت سے زیادہ بنیں گے لہذا زکوۃ ہوگی جبکہ زکوۃ کی شرائط پائی جائیں۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

11 شعبان 1443ھ/15 مارچ 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتویٰ کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

54

ایک شرعی فقیر کو کتنی زکوۃ دے سکتے ہیں

سوال: ایک شرعی فقیر کو زکوۃ دینی ہو تو کتنی دے سکتے ہیں؟

User ID: وسیم

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوہاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

مستحب یہ ہے کہ ایک شخص کو اتنی زکوۃ دی جائے کہ اس دن اسے کسی سے مانگنے کی حاجت نہ رہے اور یہ اس شخص کی حالت کے اعتبار سے ہو گا یعنی جس کے اہل و عیال اور ضروری اخراجات زیادہ ہیں اس کے لئے مقدار زیادہ ہو گی اور کم والے کے لئے کم لیکن بلا ضرورت اتنی زکوۃ دینا کہ وہ خود صاحب نصاب ہو جائے یہ ناپسندیدہ ہے لیکن زکوۃ ادا ہو جائے گی اور کوئی ضرورت ہو مثلا وہ مقروض ہے تو اتنا دینا کہ قرض نکال کر نصاب سے کم بچے تو اس میں کراہت نہیں۔

(ملخصا: عالمگیری 1/188، شامی 3/355، بہار شریعت)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

2ذو القعدہ 1443ھ/2جون 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

55

حج کے لئے جمع شدہ رقم پر زکوۃ

سوال: حج یا عمرہ کے لئے رقم جمع تھی اور کروناوائرس کی وجہ سے نہ جاسکے تو کیا اس پر زکوہ دینی ہوگی؟

User ID: دنیائے فانی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

حج یا عمرہ کے لئے رقم جمع کی ہوئی ہو تو اگر وہ نصاب کو پہنچتی ہو تو اس پر زکوۃ فرض ہوگی جبکہ زکوۃ کی دیگر شرائط پائی جائیں۔ فتاوی رضویہ میں ہے: روپیہ کہیں جمع ہو کسی کے پاس امانت ہو مطلقا اس پر زکوۃ واجب ہے۔(فتوی رضویہ، جلد 10، صفحہ 141، رضا فاؤنڈیشن)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابو بنتین فراز عطاری مدنی

7شعبان1443ھ/11مارچ2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

قسم کا کفارہ

بسمِ اللہ الرَّحمٰنِ الرَّحِیم

الصلوۃ والسلام علیک یا رسول اللہ — وعلی آلک واصحبک یا حبیب اللہ

56

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

سوال: قسم کا کفارہ ادا کرنے کے لیے کیا ایک ہی مسکین کو دس صدقہ فطر دے سکتے ہیں؟

UserID: مدنی پھول

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

ایک ہی مسکین کو قسم کا کفارہ دینا چاہیں تو ضروری ہے کہ دس دن تک ایک ایک صدقہ فطر دیں اگر ایک مسکین کو ایک ساتھ دیا تو کفارہ ادا نہیں ہوگا۔ چنانچہ بہار شریعت میں ہے: "اگر ایک ہی دن میں ایک مسکین کو سب دیدیا۔۔۔ تو صرف اس ایک دن کا ادا ہوا۔ (بہار شریعت، جلد2، حصہ 8، صفحہ216، مکتبۃ المدینہ)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابو بنتین فراز عطاری مدنی

6 فروری 2022 بمطابق 4 رجب 1443

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

قربانی

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

57

قربانی کس پر واجب ہے؟

user id: عبداللہ

سوال: قربانی کس پر واجب ہے؟

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

ہر اس بالغ مقیم مسلمان مرد و عورت پر قربانی واجب ہے جو مالک نصاب ہو اور اس پر اتنا قرض نہ ہو کہ اس قرض کو مائنس کرے تو نصاب باقی نہ رہے۔ جس کے پاس ساڑھے سات تولہ سونا یا ساڑھے باون تولہ چاندی یا ساڑھے باون تولہ چاندی کی قیمت کے برابر رقم (ملکی / غیر ملکی کرنسی / پرائز بانڈ) ہو یا ساڑھے باون تولہ چاندی کی قیمت کے برابر مال تجارت (جو چیز بیچنے کی نیت سے خریدی ہو) یا اتنی ہی مالیت کا حاجت اصلیہ (ضروریات زندگی جنکی عموما انسان کو ضرورت ہوتی ہے اور انکے بغیر گزارا کرنے میں دشواری ہوتی ہے) سے زائد سامان ہو۔ یاد رہے ان چیزوں میں سے بعض ہیں یا سب تھوڑا تھوڑا ہے اور وہ ساڑھے باون تولہ چاندی کی قیمت کے برابر پہنچ جائے تو بھی صاحب نصاب ہے۔ عید الاضحی کے دنوں (10 ذوالحجہ کی صبح صادق سے 12 ذوالحجہ کے غروب آفتاب سے پہلے تک) میں جو اس مال کا مالک ہو گا اس پر بھی قربانی واجب ہے۔ (ملخصا: عالمگیری، بدائع الصنائع، ھدایہ، وغیرھم)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

3 ذوالقعدہ 1443ھ 3 جون 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

58

ذوالحجہ میں ناخن

سوال: ذوالحجہ میں قربانی تک ناخن وغیرہ نہیں کاٹے جاتے اگر کوئی کاٹ لے تو کیا گناہ گار ہوگا؟

User ID: افتخار اعظم

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

جو شخص قربانی کا ارداہ رکھتا ہے وہ ذوالحجہ کا چاند نظر آنے سے قربانی کرنے تک ناخن اور بال نہ کاٹے نہ کٹوائے تاکہ حاجیوں سے مشابہت ہوجائے اور یہ حکم حدیث پاک میں دیا گیا ہے مگر یہ حکم وجوبی نہیں یعنی ایسا کرنا بہتر اور ثواب کا کام ہے ضروری نہیں، اگر کسی نے ناخن یا بال کاٹے یا کٹوائے تو وہ گناہ گار نہیں ہوگا نہ ہی قربانی پر فرق پڑے گا۔ اگر ناف سے نیچے اور بغل کے بال اور ناخن کو کاٹے ہوئے چالیس دن ہوگئے ہیں تو اس پر واجب ہے کہ کاٹ لے اگرچہ ذوالحجہ کا مہینہ ہو کیونکہ چالیس دن سے زیادہ ان کو بڑھانا ناجائز و گناہ ہے۔ جو قربانی نہ کرسکے اگر وہ بھی ذوالحجہ کے پہلے دس دن بال و ناخن کاٹنے سے رکا رہے اور بعد عید حجامت کروائے تو قربانی کا ثواب پائے گا۔ (ملخصا: ترمذی، نسائی، مرآۃ، فتاوی رضویہ)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

8ذو القعدہ 1443 8جون 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

59

ادھار لے کر قربانی کرنا

سوال: کیا کوئی مالک نصاب شخص ادھار لے کر قربانی کر سکتا ہے اگر اس کے پاس اس وقت رقم نہ ہو؟

User ID: عبداللہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

جس پر قربانی واجب ہے اگر اس کے پاس جانور خریدنے کے لئے کیش نہیں تو یا کسی سے قرض لے یا اپنا کچھ سامان بیچ کر قربانی کرے کیش کا نہ ہونا قربانی نہ کرنے کا عذر نہیں۔ اعلی حضرت رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں: جس پر قربانی ہے اور اس وقت نقد اس کے پاس نہیں وہ چاہے قرض لے کر کرے یا اپنا کچھ مال بیچے۔ (فتاوی رضویہ، جلد 20، صفحہ 370)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــہ

ابو بنتین فراز عطاری مدنی

3ذو القعدہ 1443ھ 3جون 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

60

جانور کے دانت ٹوٹ جائیں تو قربانی

سوال: اگر جانور کے دانت ٹوٹ گئے ہوں تو کیا اس کی قربانی ہو جائے گی؟

User ID: احمد فیضی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اگر جانور کے اتنے دانت سلامت ہوں جن سے وہ خود چارہ چر سکے تو اس کی قربانی جائز ہے لیکن بہتر یہ ہے کہ جانور میں اتنا عیب بھی نہ ہو، اگر اتنے دانت سلامت نہیں تو قربانی نہیں ہو گی۔ فتاوی قاضی خان میں ہے: ان بقی لھا من الاسنان قدر ما تعتلف جاز والا فلا

ترجمہ: اگر اتنے دانت ہوں جن سے چارہ کھا سکے، تو اس کی قربانی جائز ہے، ورنہ جائز نہیں۔

(فتاوی قاضی خان، ج3، ص240)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

8ذو القعدہ 1443ھ 8جون 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

بسمِ اللہ الرَّحمٰنِ الرَّحِیم
الصلوۃ والسلام علیك یارسول اللہ
وعلی آلك واصحبك یاحبیب اللہ
Youtube: Al Raza Quran o Fiqh Academy
Website: www.arqfacademy.com
Facebook Page: Al Raza Quran o Fiqh Academy
Facebook Group: Fiqhi Group فقہی گروپ
فون نمبر: 00923471992267

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

61

عورت کا جانور ذبح کرنا

سوال: کیا عورت جانور ذبح کرسکتی ہے؟

User ID: تبریز

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق والصواب

مسلمان عورت اگر ذبح کرنا جانتی ہے تو اس کا ذبیحہ حلال ہے البتہ ذبح کرتے وقت بے پردگی نہ ہو اس کا خاص خیال رکھا جائے۔ اعلی حضرت رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: عورت کا ذبیحہ جائز ہے جبکہ ذبح کرنا جانتی ہو اور شرائط حلت مجتمع ہو۔

(فتاوی رضویہ، جلد 20، صفحہ 251)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

3 ذو القعدہ 1443ھ 3 جون 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

62

مرغی کو بغیر بسم اللہ پڑھے ذبح کرنا

سوال: اگر کوئی جان بوجھ کر بغیر بسم اللہ پڑھے مرغی ذبح کرے تو کیا حکم ہے؟

User ID: قادر بخش

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اگر جان بوجھ کر بسم اللہ پڑھے بغیر مرغی ذبح کی تو وہ مردار ہو گئی اس کا کھانا حرام ہے۔ ھدایہ میں ہے: **و ان ترك الذابح التسمیۃ عمدا فالذبیحۃ میتۃ لا تؤکل** ترجمہ: اور اگر ذبح کرنے والے نے جان بوجھ کر بسم اللہ نہ پڑھی تو ذبیحہ مردار ہو گیا اس کو نہیں کھایا جائے گا۔ (الھدایہ، جلد4، کتاب الذبائح، صفحہ 433)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابو بنتین فراز عطاری مدنی

29 رجب 1443ھ/3 مارچ 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

عورتوں کے مسائل

بسمِ اللہ الرَّحمنِ الرَّحِیم

الصلوۃ والسلام علیک یارسول اللہ　　وعلی آلک واصحبک یا حبیب اللہ

63

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

سوال: نقلی پلکیں اور نقلی ناخن لگانے کا کیا حکم ہے؟

UserID: بنت حوا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

انسان اور خنزیز کے بالوں سے بنی پلکوں کے علاوہ زینت کے لئے آرٹیفیشل پلکیں لگانا جائز ہے اسی طرح آرٹیفیشل ناخن لگانا بھی جائز ہے لیکن اس میں یہ احتیاط کرنی ہوگی کہ کوئی بڑے ناخن دیکھ کر بدگمان نہ ہو، نیز وضو اور غسل کے لئے ان پلکوں اور ناخنوں کا اتارنا ضروری ہے۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوبنتین فرازعطاری مدنی

8فروری2022بمطابق6رجب1443

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

بسمِ اللہ الرَّحمنِ الرَّحِیم

الصلوۃ والسلام علیك یا رسول اللہ — وعلی آلك واصحبك یا حبیب اللہ

64

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

سوال: کیا عورت حالت احرام میں پاؤں میں جرابیں پہن سکتی ہے؟

UserID: عبد الرحمن عطاری

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق و الصواب

عورت حالت احرام میں جرابیں پہن سکتی ہے، جرابیں پہننے کی ممانعت مرد کے لئے ہے۔ بہار شریعت میں ہے: "عورت کو چند باتیں جائز ہیں:۔۔۔۔دستانے، موزے، سلے کپڑے پہننا۔۔۔الخ (بہار شریعت، جلد 1، حصہ 5، صفحہ 1083، مکتبہ المدینہ)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــہ

ابو بنتین فراز عطاری مدنی

8 فروری 2022 بمطابق 6 رجب 1443

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

65

مخصوص ایام میں روزہ

سوال: کیا عورت حالت حیض میں روزہ رکھ سکتی ہے؟

User ID: الیاس

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

حیض و نفاس کی حالت میں عورت کو روزہ رکھنا حرام ہے، رمضان کے بعد ان روزوں کی قضا کرے گی۔ ترمذی میں ہے: عن عائشہ قالت کنا نحیض علی عھد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ثم نطھر فیامرنا بقضاء الصیام۔۔۔۔ لا نعلم بینھم اختلافا ان الحائض تقضی الصیام ترجمہ: بی بی عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے، فرماتی ہیں ہم حضور ﷺ کے زمانے میں حالت حیض میں ہوتیں پھر پاک ہونے پر حضور صلی اللہ علیہ وسلم ہمیں رمضان کے روزے قضا کرنے کا حکم ارشاد فرماتے۔۔۔ ہم اس معاملے میں اہل علم کے درمیان کوئی اختلاف نہیں جانتے کہ حائضہ رمضان کے روزے قضا کرے گی۔ (ترمذی، ابواب الصیام)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابو بنتین فراز عطاری مدنی

3 رمضان 1443ھ/5 اپریل 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

66

ناپاکی میں اسلامیات کی کتاب پکڑنا

سوال: ایام مخصوصہ میں اسلامیات کی کتاب پکڑنا کیسا؟

User ID: محمد اویس

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اسلامیات کی کتابوں میں عموما قرآن کی آیات کم اور دیگر اسباق وغیرہ زیادہ ہوتے ہیں لہذا اس کا حکم قرآن پاک کے علاوہ دیگر دینی کتابوں والا ہوگا اور ان کا حکم یہ ہے کہ ناپاکی میں ان کتابوں کا چھونا مکروہ وناپسندیدہ ہے مگر گناہ نہیں لیکن اس میں بھی یہ خیال رکھنا ہوگا کہ جس جگہ آیت قرآنی یا اس کا ترجمہ ہو اس کو نہ چھوئے اسی طرح اس کے بالکل پیچھے والے ورق کی پشت کو بھی ہاتھ نہ لگے کہ یہ دونوں باتیں حرام ہیں۔ (ماخوذ از فتاوی رضویہ، جلد 4، صفحہ 366)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

7 ذو القعدہ 1443، 7 جون 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الصلوۃ والسلام علیک یارسول اللہ
بسم اللہ الرحمن الرحیم
وعلی آلک واصحبک یاحبیب اللہ
Youtube: Al Raza Quran o Fiqh Academy
Website: www.arqfacademy.com
Facebook Page: Al Raza Quran o Fiqh Academy
Facebook Group: Fiqhi Group فقہی گروپ
فون نمبر: 00923471992267

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

67

عادت کے دن پورے ہونے سے پہلے صحبت

سوال: اگر ایام مخصوصہ عادت کے دن پورے ہونے سے پہلے بند ہو جائیں تو صحبت جائز ہے؟

User ID: بلال

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

عادت کے دن پورے ہونے سے پہلے ہی اگر خون بند ہوجائے تو اگرچہ غسل کرلے صحبت جائز نہیں جب تک عادت کے دن پورے نہ ہوجائیں۔ بہار شریعت میں ہے: عادت کے دن پورے ہونے سے پہلے ہی ختم ہو گیا تو اگرچہ غُسل کرلے جماع ناجائز ہے تاوقتیکہ عادت کے دن پورے نہ ہولیں، جیسے کسی کی عادت چھ ۶ دن کی تھی اور اس مرتبہ پانچ ہی روز آیا تو اسے حکم ہے کہ نہا کر نماز شروع کردے مگر جماع کے لیے ایک دن اور انتظار کرنا واجب ہے۔

(بہار شریعت، 1/383)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

7ذو القعدہ 1443ھ 7 جون 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

بسمِ اللہ الرَّحمنِ الرَّحِیم

الصلوۃ والسلام علیک یا رسول اللہ | وعلی آلک واصحبک یا حبیب اللہ

68

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

سوال: کیا عورت شادی کے بعد اپنے نام کے ساتھ شوہر کا نام لکھ سکتی ہے؟

UserID: احمد رضا بٹ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

عورت شادی کے بعد اپنے نام کے ساتھ شوہر کا نام لگا سکتی ہے اس میں کوئی حرج نہیں کیونکہ یہ پہچان کے لئے ہوتا ہے نہ کہ نسب بیان کرنے کے لئے۔ جن روایات کی وجہ سے بعض لوگ اعتراض کرتے ہیں ان روایات سے مراد نسب کی تبدیلی ہے جو کہ حرام ہے۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

8 فروری 2022 بمطابق 6 رجب 1443

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

69

عورت کا کس سے پردہ ہے اور کس سے نہیں

سوال: عورت کا کس کس سے پردہ ہے اور کس سے نہیں؟

User ID: زوہیب عطاری

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

عورت کا ہر اجنبی بالغ مرد سے پردہ ہے اور شرعا اجنبی سے مراد وہ ہے جو محرم نہ ہو جیسے دیور، جیٹھ، چچازاد، ماموں زاد، پھوپی زاد، خالہ زاد، بہنوئی وغیرہ۔ ایسے محارم جن سے نسبی رشتہ ہے ان سے پردہ نہ کرنا واجب ہے جیسے والد، دادا، نانا، چچا، ماموں، بھائی، بیٹا، پوتا، بھانجا، بھتیجا وغیرہ۔ ایسے محارم جن سے نسبی رشتہ نہیں بلکہ دودھ یا سسرال کا رشتہ ہے ان سے پردہ کرنے نہ کرنے کا اختیار ہے جیسے سسر، داماد، رضاعی بھائی، رضاعی والد وغیرہ، لیکن بہتر یہ ہے کہ اگر یہ رشتہ دار جوان ہوں تو پردہ کرے اور اگر فتنے کا اندیشہ ہو تو پردہ کرنا واجب ہے یعنی حالت اور مصلحت کا اعتبار ہوگا۔ (ملخصا: فتاوی رضویہ، 22/240، پردے کے بارے میں سوال جواب، 44 تا 47)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

5 ذوالقعدہ 1443ھ 5 جون 2022ء

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

70

دادی کے بھائی سے پردہ

سوال: کیا دادی کا بھائی نامحرم ہے اس سے پردہ ہو گا؟

User ID:عثمان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

دادی کا بھائی محرم ہوتا ہے اس سے پردہ نہیں کیونکہ دادی کے بھائی کے لئے دادی کی نواسیاں، پوتیاں بھتیجیوں بھانجیوں کے حکم میں ہیں اور بھتیجی وبھانجی محرم ہیں تو جس طرح ان سے پردہ نہیں ان کی اولاد سے بھی پردہ نہیں۔ قرآن پاک میں ہے:وَ بَنٰتُ الْاَخِ وَ بَنٰتُ الْاُخْتِ ﴿النساء:23﴾ ترجمہ: اور بھتیجیاں اور بھانجیاں (حرام ہو گئیں)

اس کی تفسیر میں ہے: بھتیجی بھانجی، اس میں بھانجیاں، بھتیجیاں اور ان کی اولاد بھی داخل ہے۔ (صراط الجنان، 2/172)

بہار شریعت میں ہے: بھتیجی، بھانجی سے بھائی، بہن کی اولادیں مراد ہیں، ان کی پوتیاں، نواسیاں بھی اسی میں شمار ہیں۔ (بہار شریعت، 2/22)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ ــ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

3ذوالقعدہ1443ھ 3جون2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

وراثت

71

بیٹیوں کو وراثت سے محروم کرنا

سوال: وراثت سے بیٹیوں کو محروم کرنا کیسا کیا اس پر کوئی وعید ہے؟

User ID: توقیر

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق والصواب

نہ صرف بیٹیوں کو بلکہ وراثت میں جس کا بھی حصہ بنتا ہو اگرچہ چند روپے ہی کیوں نہ ہوں اس کو وراثت سے محروم کرنا حرام اور گناہ کبیرہ ہے۔ میراث کے احکام کی تفصیلات بیان کرنے کے بعد اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے: تِلْكَ حُدُوْدُ اللّٰهِ ؕ وَمَنْ یُّطِعِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ یُدْخِلْهُ جَنّٰتٍ تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِیْنَ فِیْهَا ؕ وَذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِیْمُ ﴿۱۳﴾ وَمَنْ یَّعْصِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَیَتَعَدَّ حُدُوْدَهٗ یُدْخِلْهُ نَارًا خٰلِدًا فِیْهَا ۪ وَلَهٗ عَذَابٌ مُّهِیْنٌ (النساء: 14) ترجمہ یہ اللہ کی حدیں ہیں اور جو اللہ اور اللہ کے رسول کی اطاعت کرے تو اللہ اسے جنتوں میں داخل فرمائے گا جن کے نیچے نہریں بہہ رہی ہیں۔ ہمیشہ ان میں رہیں گے، اور یہی بڑی کامیابی ہے۔ اور جو اللہ اور اس کے رسول کی نافرمانی کرے اور اس کی (تمام) حدوں سے گزر جائے تو اللہ اسے آگ میں داخل کرے گا جس میں (وہ) ہمیشہ رہے گا اور اس کے لئے رسوا کن عذاب ہے۔

حدیث میں ہے: جو شخص اپنے وارث کی میراث کاٹے گا اللہ تعالیٰ قیامت کے دن جنت سے اس کی میراث کو کاٹ دے گا۔ (مشکوۃ، کتاب الفرائض، حدیث 3078)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــہ

ابو بنتین فراز عطاری مدنی

6 شعبان 1443ھ / 10 مارچ 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

72

باپ سے پہلے بیٹا فوت ہو جائے تو پوتے کا حصہ

سوال: اگر باپ سے پہلے بیٹا فوت ہو جائے اور باپ کے اور بھی بیٹے ہوں تو کیا پوتے کو وراثت سے حصہ ملے گا؟

User ID: افسر

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

باپ سے پہلے بیٹا فوت ہو جائے اور اس کے اور بیٹے اس کی وفات کے بعد موجود ہوں تو پوتے کو اپنے دادا کی وراثت سے حصہ نہیں ملے گا کیونکہ وارث ہونے کے لئے شرط ہے کہ موت کے وقت وہ وارث زندہ ہو، چونکہ بیٹا پہلے فوت ہو گیا لہذا وہ تو وارث نہ بن سکا اب دادا کی وفات پر چونکہ اس کے بیٹے موجود ہیں تو وہی وارث بنیں گے کیونکہ وہ پوتے کے مقابلے میں زیادہ قریب ہیں لہذا پوتے کو حصہ نہیں ملے گا۔ اگر دادا کی وفات کے وقت ان کا کوئی بیٹا حیات نہ ہو تو پوتا وارث بنتا ہے۔

نوٹ: مزید تفصیل کے لئے دار الافتاء اہلسنت تشریف لائیں۔ (ملخصا: سراجی وغیرہ)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ ــ

ابو بنتین فراز عطاری مدنی

10 ذو القعدہ 1443ھ 10 جون 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

نکاح و طلاق

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

73

کن کو نکاح میں جمع کرنا حرام؟

سوال: ایک وقت میں کن دو عورتوں کو نکاح میں جمع کرنا حرام ہے؟

User ID: عبد الرؤوف

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

دو بہنوں کو نکاح میں جمع کرنا حرام ہے یعنی ایک نکاح میں ہو تو دوسری سے نکاح نہیں ہو سکتا جب تک پہلی کی وفات نہ ہو جائے یا طلاق کے بعد عدت ختم نہ ہو جائے۔ قرآن پاک میں ہے: وَ اَنْ تَجْمَعُوْا بَیْنَ الْاُخْتَیْنِ ترجمہ: اور دو بہنیں اکٹھی کرنا (حرام ہے)۔ (النسآء: 23) اسی طرح ایسی دو عورتیں کہ ان میں سے ایک کو مرد فرض کریں تو دوسری کا نکاح اس سے حرام ہو جیسے پھوپی بھتیجی کہ پھوپی کو مرد فرض کریں تو یہ بھتیجی کے لئے چچا ہوا اور چچا بھتیجی کا نکاح حرام ہے اور بھتیجی کو مرد فرض کریں تو پھوپی کے لئے بھتیجا اور ان کا نکاح بھی حرام، اسی طرح خالہ بھانجی۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابو بنتین فراز عطاری مدنی

30 رجب 1443ھ / 4 مارچ 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

74

تو مجھ پر حرام ہے

سوال: اگر کوئی اپنی بیوی کو یہ کہے کہ تو مجھ پر حرام ہے تو کیا طلاق واقع ہو جائے گی؟

User ID: غلام رسول رضوی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

تو مجھ پر حرام ہے کہنے سے ایک طلاق بائن واقع ہو جائے گی مگر اس میں نیت کا اعتبار نہیں، بغیر نیت ہی طلاق واقع ہو گی کیونکہ یہ جملہ طلاق کے لئے معروف ہے۔ فتاوی رضویہ میں ہے: ردالمحتار میں ہے: متاخرین نے کہا "تو مجھ پر حرام ہے" کہنے میں طلاق بائنہ ہو گی، عرف کی وجہ سے نیت کے بغیر واقع ہو گی۔ (فتاوی رضویہ، جلد 12، صفحہ 560)

نوٹ: یہ جواب معلومات کے لئے ہے اپنے ذاتی مسئلہ کے لئے دار الافتاء اہلسنت تشریف لائیں۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

7 ذو القعدہ 1443 7 جون 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

بسمِ اللہ الرَّحمٰنِ الرَّحِیم

الصلوۃ والسلام علیک یا رسول اللہ

وعلی آلك واصحبك یا حبیب اللہ

75

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

سوال: ایک بیوہ ہے اور اس کی بیٹی بھی ہے ایک شخص اس بیوہ سے نکاح کرنا چاہتا ہے اور اپنے بیٹے کا نکاح اس بیوہ کی بیٹی سے کروانا چاہتا ہے کیا یہ جائز ہے؟

UserID: بابل خان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق و الصواب

مرد کا اس بیوہ سے نکاح کرنا اور اپنے بیٹے کا نکاح اس عورت کی اس بیٹی سے کروانا جو دوسرے شوہر سے ہے جائز ہے۔ بہار شریعت میں ہے: کسی نے ایک عورت سے نکاح کیا اور اس کے لڑکے نے عورت کی لڑکی سے کیا، جو دوسرے شوہر سے ہے تو حرج نہیں۔ (بہار شریعت، جلد2، حصہ 7، صفحہ26، مکتبۃ المدینہ)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم

کتبــہ

ابوبنتین فرازعطاری مدنی

9فروری 2022 بمطابق 7رجب 1443

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

76

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

سوال: نکاح ہو گیا ہو مگر رخصتی نہ ہوئی ہو تو کیا آپس میں باتیں کر سکتے ہیں اور تصویر کھنچوا سکتے ہیں اور ساتھ گھومنے جا سکتے ہیں؟

User ID: برہان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق والصواب

رخصتی سے پہلے ان کاموں سے بچنا مناسب ہے کیونکہ ہمارے معاشرے میں بعض جگہ اس کو معیوب سمجھا جاتا ہے لیکن اگر ایسا کیا بھی تو گناہ نہیں۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

16 رجب 1443ھ/18 فروری 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

عدت

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

سوال: عدت طلاق اور وفات کتنی ہے؟

User ID: سمیع الدین

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

(1) عورت حاملہ ہو تو اس کی عدت وضع حمل ہے چاہے عدت وفات کی ہو یا طلاق کی۔ (الطلاق:4)

(2) حاملہ نہ ہو تو اگر حیض آتا ہے تو عدت طلاق تین حیض ہے۔ (البقرہ:228)

(3) اگر حیض نہیں آتا چاہے عمر 55 سال یا زائد ہونے کی وجہ سے یا نابالغہ ہونے کی وجہ سے یا عمر کے اعتبار سے بالغ ہونے کی صورت میں حیض نہ آیا ہو تو عدت طلاق تین مہینے ہے۔ (الطلاق:4)

(4) غیر حاملہ کی عدت وفات 4 مہینے 10 دن ہے چاہے جوان ہو یا بوڑھی بالغہ ہو یا نابالغہ رخصتی ہوئی ہو یا نہ ہوئی ہو۔ (البقرہ:234)

(5) اگر انتقال پہلی تاریخ کو ہوا ہو تو چاند کے حساب سے 4 مہینے 10 دن ورنہ 130 دن پورے کرنے ہونگے۔

نوٹ: مزید احکام یا اپنے ذاتی مسئلہ کے لئے مفتیان کرام سے رابطہ فرمائیں۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ ـــــــــــــــــــــــــــــــــــ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

16 رجب 1443ھ/18 فروری 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

78

طلاق سے پہلے انتقال تو عدت کونسی؟

سوال: عورت اپنے شوہر کے ساتھ نہیں رہتی اور نہ اس نے طلاق دی پھر شوہر کا انتقال ہو گیا تو کیا عورت عدت کرے گی اور شوہر کی وراثت میں حصہ ہو گا؟

User ID: عاصم ملک

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اگر شوہر نے بیوی کو طلاق نہیں دی تھی اور بیوی شوہر کے انتقال تک شوہر کے نکاح میں تھی تو شوہر کے انتقال پر بیوی عدت بھی گزارے گی اور شوہر کی وراثت سے حصہ بھی پائے گی اگرچہ شوہر کے ساتھ نہ رہتی ہو۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

28رجب 1443ھ/2 مارچ 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

79

عدت میں شیمپو لگانا اور کنگھا کرنا کیسا

سوال: کیا عدت میں عورت خوشبو والا شیمپو لگا سکتی ہے اور کیا اپنے بالوں میں کنگھا کر سکتی ہے؟

User ID: عبداللہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

موت اور طلاق بائن کی عدت میں عورت پر سوگ لازم ہے اور سوگ میں شیمپو کا استعمال ممنوع ہے کیونکہ سوگ میں خوشبو کا استعمال ناجائز ہے اور خوشبو نہ بھی تو بھی شیمپو چونکہ بالوں کو ملائم کرتا ہے لہذا اس کی بھی اجازت نہیں۔

(ملخصا: زینت کے شرعی احکام، صفحہ 150، مجلس افتاء دعوت اسلامی)

سوگ میں بالوں کو کنگھی بھی نہیں کر سکتی لیکن سر میں درد ہو یا بال الجھ جائیں تو کنگھا کر سکتی ہے مگر کنگھے کے موٹے دندانوں والی طرف سے کنگھا کرے جس سے صرف بال سلجھالے زینت کی نیت نہ ہو۔ (فتاوی رضویہ، 13/331)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

2ذو القعدہ 1443ھ/2جون 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

کاروبار

بسمِ اللہ الرَّحمنِ الرَّحِیم

الصلوۃ والسلام علیک یارسول اللہ — وعلی آلك واصحبك یاحبیب اللہ

80

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

سوال: قسطوں کا کاروبار کرنا کیسا؟

UserID:خلافت خلافت

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

فی نفسہ قسطوں کا کاروبار جائز ہے یعنی چیز کیش میں سستی اور ادھار میں مہنگی بیچی جائے جبکہ مدت اور قسطیں مقرر ہوں لیکن فی زمانہ قسطوں کے کام میں ناجائز شرطیں رکھی جاتی ہیں مثلا قسط لیٹ ہونے پر جرمانہ کی صورت میں اضافی رقم لینا، فلاں مدت میں قسطیں ادا نہ کیں تو رقم کا ضبط ہو جانا وغیرہ۔ اگر اس طرح کی کوئی ناجائز شرط رکھی تو یہ کام ناجائز ہو جائے گا۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

7فروری2022بمطابق5رجب1443

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

81

دو طرفہ کمیشن

سوال: کیا دو طرفہ کمیشن لینا جائز ہے؟

User ID: سید اویس

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اگر کسی جگہ دو طرفہ کمیشن (بروکری) لینے کا عرف ہو اور بروکر دونوں طرف سے محنت کرے، بھاگ دوڑ اور کوشش دونوں کے لئے ہو اور سودے کے وقت وہ کسی ایک کی نمائندگی نہ کرے یعنی کسی ایک کی طرف سے بھی خود عقد نہ کرے اور کمیشن طے ہو تو دونوں طرف سے اتنا کمیشن لینا جس کا عرف ہو جائز ہے۔ علامہ شامی رحمۃ اللہ علیہ ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے ارشاد فرماتے ہیں: **ولو سعی الدلال بینھما وباع المالك بنفسه یضاف إلی العرف إن كانت الدلالة علی البائع فعلیه وإن كانت علی المشتری فعلیه وإن كانت علیھما فعلیھما** ترجمہ: اور اگر بروکر بائع اور مشتری دونوں کے لیے کوشش کرائے، اور بائع خود سے عقد بیع کرے تو معاملہ عرف کی طرف پھیرا جائے گا، اگر اس صورت میں بروکری صرف بائع پر ہوتی ہے، تو اسی پر ہوگی اور اگر بروکری مشتری پر ہوتی ہے، تو اس پر ہوگی اور اگر بائع اور مشتری دونوں پر ہوتی ہے، تو دونوں پر ہوگی۔ (تنقیح الفتاوی الحامدیۃ، ج1، ص445)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

8 ذو القعدہ 1443ھ 8 جون 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

82

آدھا آدھا نفع

سوال: ہم دو دوست موبائل بیلنس کا کام شروع کرنا چاہتے ہیں میرے پاس ستر ہزار اور دوست کے پاس تیس ہزار ہیں تو کیا ہم نفع آدھا آدھا طے کر سکتے ہیں؟

User ID: ریحان انصاری

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

آپ دونوں کا آدھا آدھا نفع طے کرنا جائز ہے لیکن یاد رہے نقصان راس المال کے مطابق ہونا ضروری ہے کیونکہ شراکت میں اگرچہ شریکوں کی انویسمنٹ کم زیادہ ہو برابر نفع لینا جائز ہے لیکن نقصان ان کی انویسمنٹ کے تناسب کے لحاظ سے ہو گا۔ بہار شریعت میں ہے: نفع میں کم و بیش کے ساتھ بھی شرکت ہو سکتی ہے مثلاً ایک کی ایک تہائی اور دوسرے کی دو تہائیاں اور نقصان جو کچھ ہو گا وہ راس المال کے حساب سے ہو گا اسکے خلاف شرط کرنا باطل ہے۔

(بہار شریعت، جلد 2، صفحہ 491، مکتبہ المدینہ)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ ـــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

6 شعبان 1443ھ / 10 مارچ 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

83

بیعانہ ضبط کرنے کا حکم

سوال: سودا کرتے وقت ایڈوانس رقم دی جاتی ہے اور وقت پر بقیہ پے مینٹ نہ کرنے پر وہ رقم ضبط ہو جاتی ہے اسی طرح مالک سودے سے پھر جائے تو ڈبل رقم مانگی جاتی ہے اس کا شرعی حکم کیا ہے؟

User ID: ثاقب

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

سودا ختم ہونے پر بیعانہ ضبط کرنا حرام ہے اسی طرح چیز کا مالک اگر سودے سے پھر جائے تو اس سے دگنے (ڈبل) بیعانہ کا مطالبہ کرنا بھی ناجائز ہے۔ بیعانہ ضبط کرنے کے حوالے سے اعلی حضرت لکھتے ہیں: بیع نہ ہونے کی حالت میں بیعانہ ضبط کر لینا جیسا کہ جاہلوں میں رواج ہے ظلم صریح ہے۔ (فتاوی رضویہ، جلد 17، صفحہ 94، رضا فاؤنڈیشن)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

28 رجب 1443ھ / 2 مارچ 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

تعریفات

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

84

صدقہ واجبہ کی تعریف

سوال: صدقہ واجبہ سے کیا مراد ہے؟

User ID: ابوالفرح

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

صدقہ واجبہ سے مراد وہ صدقہ ہے جس کی ادائیگی شریعت کی طرف سے لازم قرار دی گئی ہے اور یہ غنی کو نہیں دیا جا سکتا جیسے زکوۃ، صدقہ فطر، قسم وغیرہ کے کفارے وغیرہ۔ بدائع الصنائع میں ہے: لا یجوز صرف جمیع الصدقات المفروضۃ والواجبۃ الیہ کالعشور والکفارات والنذور وصدقۃ الفطر ترجمہ: تمام فرض اور واجب صدقات غنی کو دینا جائز نہیں جیسے عشر، کفارات، منت اور صدقہ فطر کی رقم۔ (بدائع الصنائع، جلد2، صفحہ 47، دار الکتب العلمیہ)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ ـــــــــــــــــــــــ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

3شعبان 1443ھ/7 مارچ 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن و فقہ اکیڈمی آن لائن

85

عالم کی تعریف

سوال: اعلیٰ حضرت نے عالم کی کیا تعریف بیان کی ہے؟

User ID: ابوالفرح

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

عقائد سے پورے طور پر آگاہ ہو اور مُستقِل ہو اور اپنی ضَروریات کو کتاب سے نکال سکے بِغیر کسی کی مدد کے۔ علم کتابوں کے مُطالَعَہ سے اور عُلَماء سے سُن سُن کر بھی حاصِل ہوتا ہے۔

(تلخیص ازاَحکامِ شریعت حصّہ ۲ ص ۲۳۱)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

3شعبان1443ھ/7مارچ2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

حلال و حرام

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

86

ڈارک براؤن کلر لگانا کیسا؟

سوال: سر اور داڑھی کے بالوں میں ڈارک براؤن کلر لگانا کیسا؟

User ID: حسین

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق والصواب

ڈارک براؤن کلر چونکہ کالے جیسا ہی ہوتا ہے بلکہ لگانے کے بعد کچھ دنوں تک کالا ہی نظر آتا ہے اس لئے اس کے لگانے کی اجازت نہیں۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

28 رجب 1443ھ/2 مارچ 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

بسمِ اللہ الرَّحمنِ الرَّحِیم

الصلوۃ والسلام علیک یا رسول اللہ　　وعلی آلک واصحبک یا حبیب اللہ

87

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

سوال: کون سے سلام کا جواب دینا واجب ہے؟

UserID: حمزہ قریشی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق والصواب

سلام تحیت یعنی جس کے آنے کا بنیادی مقصد ملاقات وزیارت ہو اس کے سلام کا جواب دینا واجب ہے، اس کے علاوہ کسی سلام کا جواب واجب نہیں البتہ کوئی شرعی رکاوٹ نہ ہو تو ہر سلام کا جواب دینا چاہیے کیونکہ اس کا ثواب بہت ہے۔ اسی طرح لکھے ہوئے سلام کا جواب بھی اسی صورت میں واجب ہو گا جب اس میں تحیت کا معنی پایا جائے جیسے حال احوال پوچھنے، تعلقات رکھنے بڑھانے کے لئے میسج، خط یا تحریر بھیجی ہو اور کوئی مقصد نہ ہو۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابو بنتین فراز عطاری مدنی

12 فروری 2022 بمطابق 10 رجب 1443

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

سوال: کیا قومی بچت میں پیسے رکھ کر نفع حاصل کرنا جائز ہے؟

User ID: اقبال صدیقی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

قومی بچت میں پیسے رکھ کر اس سے نفع حاصل کرنا خالص سود ہے کیونکہ ہمارے پیسے ان کے پاس قرض ہوتے ہیں اور نفع قرض کی وجہ سے ملتا ہے اور جو نفع قرض کے بدلے ملے وہ بحکم حدیث سود ہے۔ نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کل قرض جر منفعۃ فھو ربا یعنی ہر وہ قرض جو نفع لے کر آئے وہ سود ہے۔ (کنزالعمال)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

16 رجب 1443ھ/18 فروری 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

89

سودی قرض والے کا ایصال ثواب

سوال: جو شخص بینک سے سودی قرض لیتا ہو اگر وہ کسی کو ایصال ثواب کرے تو ثواب پہنچے گا؟

User ID: غلام یسین

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق والصواب

اجازت شرعی کے بغیر سودی قرض لینا حرام اور گناہ کبیرہ ہے لیکن اس سے بندہ اسلام سے خارج نہیں ہوتا جب تک سود کو حلال نہ سمجھے لہذا اگر کوئی سودی قرض لیتا ہے تو اگرچہ گناہ گار ہے مگر نیکی کا ثواب ایصال کرے تو وہ پہنچے گا۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

26 رجب المرجب 1443ھ 28 فروری 2022

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

90

منگیتر سے باتیں کرنا

سوال: منگنی کے بعد لڑکا لڑکی ایس ایم ایس پر بات کر سکتے ہیں؟

User ID: لمان اللہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

منگنی ہونے سے لڑکا لڑکی محرم نہیں ہو جاتے وہ پہلے کی طرح اجنبی و نامحرم ہی رہتے ہیں لہذا ان کو آپس میں بات چیت کرنے کی اجازت نہیں چاہے ایس ایم ایس پر ہو یا اس کے علاوہ۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

11 شعبان 1443ھ/15 مارچ 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

91

سونے کے پانی والی انگوٹھی

سوال: اگر کسی نے چاندی کی جائز انگوٹھی پر سونے کا پانی چڑھایا تو وہ انگوٹھی پہننا جائز ہے؟

User ID: عارف حسین

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اگر چاندی کی انگوٹھی پر سونے کا پانی چڑھایا تو اسے پہننا جائز ہے جبکہ وہ چاندی کی انگوٹھی ساڑھے چار ماشہ سے کم ہو اور اس میں ایک نگ بھی ہو مگر لوگوں کے سامنے ایسی انگوٹھی پہننے سے بچے تاکہ لوگ بدگمانی میں مبتلا نہ ہوں۔ فتاوی رضویہ میں ہے: سونے یا چاندی کا پانی وجہ ممانعت نہیں ہاں اگر وہ شے فی نفسہ ممنوع ہو تو دوسری بات ہے جیسے سونے کا ملمع کی ہوئی تانبے کی انگوٹھی۔ (فتاوی رضویہ، جلد22، صفحہ 129)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

24 رجب 1443ھ / 25 فروری 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

92

گلے میں چین پہننا کیسا؟

سوال: کیا گلے میں چین پہننا جائز ہے؟

User ID: سارہ فاطمہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

مرد کا کسی دھات کی چین پہننا ناجائز ہے البتہ عورت سونے چاندی کے ساتھ ساتھ دیگر دھاتوں جیسے پیتل، تانبہ وغیرہ کی چین جو عورتوں کے زیور کے طرز پر ہوتی ہیں پہن سکتی ہے کیونکہ فی زمانہ عورتوں کا اس میں ابتلا بہت زیادہ ہے یعنی عام وخاص سب خواتین پہن رہی ہوتی ہیں اس لئے علماء نے اس کی اجازت دی ہے۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

21 رجب المرجب 1443ھ/22 فروری 2022

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

93

وعظ اور نعت کی اجرت لینا

سوال: ربیع الاول میں محافل ہوتی ہیں تو مولوی صاحب اور نعت خواں پیسے لیتے ہیں تو یہ جائز ہے؟

User ID: کاشی قریشی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق والصواب

بیان کی اجرت لینا جائز ہے اور نعت خوانی کی اجرت لینا حرام ہے البتہ نعت خواں وقت کا اجارہ کرلیں مثلا میں اتنے بجے سے اتنے بجے تک آپ کا اجیر ہوں اس کے اتنے پیسے لوں گا اب صاحب محفل اسے نعت پڑھنے کا کام دے دیں تو یہ وقت کی اجرت ہوگی جو کہ جائز ہے اور ضرورت کی بنا پر یہ حیلہ کرنے کی علماء نے اجازت دی ہے۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــه

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

28رجب1443ھ/2مارچ2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

94

کیا گانا گانا حرام ہے؟

سوال: کیا گانا گانا حرام ہے؟

User ID: آدمی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق والصواب

گانا گانا اور سننا دونوں ہی حرام ہیں اور اگر ان میں اسلام سے خارج کرنے والے الفاظ ہوں تو اس کو تائید کے ساتھ پڑھنا، سننا یا گانا اسلام سے خارج کردے گا۔ حدیث پاک میں ہے: اس اُمّت میں زمین میں دھنسنا، مَسخ ہونا اور آسمان سے پتھر برسنا ہوگا مسلمانوں میں سے ایک شخص نے عرض کی: یارسولَ اللہ! صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم، یہ کب ہوگا؟ارشاد فرمایا "جب گانے والیوں اور موسیقی کے آلات کا ظہور ہوگا اور شرابوں کو (سرِعام) پیا جائے گا۔

(ترمذی، کتاب الفتن، حدیث 2219)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

6شعبان 1443ھ/10 مارچ 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

95

مچھلی کب نہیں کھا سکتے؟

سوال: مچھلی کس موسم میں نہیں کھا سکتے؟

User ID: فرخ شان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

مچھلی خواہ کوئی حلال چیز روزے کے علاوہ کسی وقت یا موسم میں بھی کھانا ممنوع نہیں۔ اللہ پاک فرماتا ہے: وَّكُلُوْا وَاشْرَبُوْا وَلَا تُسْرِفُوْا ترجمہ: اور کھاؤ اور پیو اور حد سے نہ بڑھ۔ اس کے تحت صراط الجنان میں ہے: اسراف یہ ہے کہ سیر ہو چکنے کے بعد بھی کھاتے رہو یا حرام کی پرواہ نہ کرو اور یہ بھی اسراف ہے کہ جو چیز اللہ تعالیٰ نے حرام نہیں کی اس کو حرام کرلو۔ آیت میں اس بات کی دلیل ہے کہ کھانے اور پینے کی تمام چیزیں حلال ہیں سوائے اُن کے جن پر شریعت میں دلیلِ حرمت قائم ہو کیونکہ یہ قاعدہ مقررہ مُسلَّمہ ہے کہ تمام اشیاء میں اصل اباحت ہے مگر جس پر شارع نے ممانعت فرمائی ہو اور اس کی حرمت دلیلِ مستقل سے ثابت ہو۔ (صراط الجنان)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ ــ

ابو بنتین فراز عطاری مدنی

3 شعبان 1443ھ/7 مارچ 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

جدید مسائل

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

96

موبائل پر بے وضو قرآن پڑھنا

سوال: موبائل پر قرآن پڑھنے کے لئے وضو ضروری ہے؟

User ID: جان صاحب

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

موبائل پر قرآن پڑھنے کے لئے وضو ضروری نہیں نہ ہی اسکرین کو ٹچ کرنے کے لئے وضو ضروری ہے لیکن بہتر یہی ہے کہ موبائل پر بھی باوضو تلاوت کی جائے بالخصوص اسکرین پر قرآن ہو تو باوضو ٹچ کرنا بہتر ہے۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

26 رجب المرجب 1443ھ/28 فروری 2022

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

سوال: بعض اسٹورز پر خریداری کرنے پر پوائنٹس ملتے ہیں اور جتنے پوائنٹس ہوتے ہیں اتنے کی خریداری اس اسٹور سے کرسکتے ہیں، کیا یہ جائز ہے؟

User ID: سید شیراز

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

خریداری پر ملنے والے پوائنٹس سے خریداری کرنا بالکل جائز ہے کیونکہ یہ اسٹور والوں کی طرف سے تحفہ ہے، نہ اس میں اپنے مال کو خطرے میں ڈالنا پایا جارہا ہے کہ جوئے کی صورت بنے نہ ہی قرض پر مشروط نفع ہے کہ سود کہلائے۔ (ماخوذ از کتب فقہ)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــہ

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

98 Drop shipping کا کام کرنا کیسا

سوال: کیا drop shipping کا کام کر سکتے ہیں؟

User ID: عدیل ہزاروی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

ڈراپ شپنگ Drop Shipping میں عموماً چیز انسان کی ملکیت میں نہیں ہوتی اور وہ اسے آگے بیچ جارہا ہوتا ہے اور جو چیز آدمی کی ملکیت میں نہ ہو اس کو بیچنا جائز نہیں کیونکہ حدیث پاک میں اس سے منع کیا گیا ہے لہذا یہ کام کرنا جائز نہیں۔ حدیث پاک میں ہے: لا تبع ما لیس عندك ترجمہ: اس چیز کو نہ بیچ جس کا تو مالک نہیں۔ (ترمذی)

اس کا درست طریقہ یہ ہے کہ اپنے کسٹمر سے سودا فائنل نہ کیا جائے بلکہ اس کو چیز پسند آجائے تو یوں کہے کہ جب یہ چیز آپ کے پاس پہنچے گی اس وقت ہمارا سودا ڈن ہو گا اور یہ ریٹ ہو گا اور اس میں کیش آن ڈیلوری والا طریقہ اختیار کیا جائے۔ خود یہ شخص یا تو خود وہ چیز آگے سے خرید لے یا کسی نمائندے کے ذریعے خرید کر ڈیلوری کا وکیل بنا دے۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابو بنتین فراز عطاری مدنی

10 ذو القعدہ 1443، 10 جون 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

99

ڈیبٹ کارڈ پر ڈسکاونٹ

سوال: ڈیبٹ کارڈ پر ملنے والا ڈسکاؤنٹ جائز ہے یا سود ہے؟

User ID: افلاطون جٹ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

ڈیبٹ کارڈ پر ملنے والا نفع یا تو بیچنے والے کی طرف سے ہوتا ہے یا بینک کی طرف سے، دونوں ہی صورتیں جائز ہیں اور یہ سود نہیں۔ وجہ یہ ہے کہ پہلی صورت یعنی بیچنے والے کی طرف سے ڈسکاؤنٹ یہ اس چیز کی قیمت میں کمی کرنا ہے اور یہ شرعا جائز ہے کیونکہ اس کو اختیار ہے وہ اپنی چیز جتنی قیمت میں بیچے اور بینک کی طرف سے ملنے والا ڈسکاؤنٹ چونکہ مشروط نہیں ہوتا یعنی اکاؤنٹ کھلواتے وقت ڈیبٹ کارڈ پر نفع کی شرط نہیں رکھی جاتی نہ ہی اس پر عرف ہے لہذا یہ سود کی تعریف میں نہیں آتا اور یہ ڈسکاؤنٹ لینا بالکل جائز ہے۔ (ملخصا: فتاوی اہلسنت، دار الافتاء اہلسنت دعوت اسلامی)

نوٹ: اس پر تفصیلی فتوی دار الافتاء اہلسنت کی ویب سائٹ پر موجود ہے۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ ـــ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

10 ذو القعدہ 1443، 10 جون 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

100

غلطی سے کسی نمبر پر پیکیج

سوال: اگر میرے نمبر پر کوئی غلطی سے پیکیج کروادے اور اس کا پتا بھی نہ ہو کہ کون ہے تو کیا کریں؟

User ID: ہادی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اگر کوئی غلطی سے کسی کے نمبر پر پیکیج کروادے یا بیلنس بھیج دے تو پہلے کوشش کی جائے کہ اس شخص کا پتا چل جائے اور اتنی رقم اس کو واپس کردی جائے لیکن عموماً بھیجنے والے کا پتا نہیں چل پاتا تو ایسی صورت میں اگر خود شرعی فقیر ہے تو استعمال کرلے ورنہ بیلنس یا پیکیج کی رقم شرعی فقیر کو صدقہ کردے اب اس بیلنس یا پیکیج کو استعمال کرسکتا ہے۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــہ

ابو بنتین فراز عطاری مدنی

30 رجب 1443ھ/4 مارچ 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔